جب پاکستان بنا تو اس سے کسی کو انکار نہیں ہے کہ سندھ نے پاکستان کے بننے میں اپنا کردار ادا کیا۔ سندھ کی وہ پہلی اسمبلی تھی جس نے پاکستان کے حق میں قرارداد پاس کی۔ سندھ ہی وہ صوبہ تھا جس نے سب سے زیادہ وہاں لوگوں کو آنے کی دعوت دی۔ اور سندھ کے شہر کراچی میں خصوصاً وہ جو کاروباری طبقے تھے جن کا خاص علاقے سے تعلق تھا وہاں آ کر settle ہو گئے انہوں نے سندھ کی اقتصادی، سیاسی، سماجی زندگی میں بڑا حصہ لیا۔ چونکہ شہر ان شعبوں میں زیادہ اہم کردار ادا کرتے ہیں اور اس جگہ پر یعنی کراچی کی سطح تک ان کا پلڑا بھاری تھا انہوں نے اس کی تعمیر و ترقی میں دلچسپی لینا شروع کی۔ دوسری بات یہ کہ کراچی پاکستان کی واحد بندرگاہ تھی۔ اس لیئے

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

کراچی کمرشیل اور انڈسٹریل activities کا مرکز بن گیا ۔ اور وہاں تعمیر و ترقی کی رفتار تیز ہوئی تو یہ قدرتی اور اقتصادی عمل ہے کہ جہاں روزگار اور کاروبار کے مواقع ہوتے ہیں وہاں لوگ shift کر جاتے ہیں ۔ جب کراچی میں تعمیر کا عمل آگے بڑھنے لگا تو وہاں man-power کی ضرورت پڑی اور پنجاب اور سرحد سے جہاں افرادی قوت فالتو تھی مگر روزگار کے ذرائع میسر نہیں تھے لوگوں نے سندھ کی طرف اور خاص طور پر کراچی کی طرف نقل مکانی شروع کر دی ۔ اور کراچی کی تعمیر میں میرا خیال ہے کہ پنجاب اور سرحد کے محنت کشوں کا بہت بڑا ہاتھ ہے یہ اس لیئے نہیں تھا کہ وہاں جو مقامی لوگ تھے وہ کام کرنے کو تیار نہ تھے اور ان کے بدلے میں کچھ تعصب کی بنیاد پر، کچھ کسی بڑے منصوبے کے تحت ان لوگوں کو وہاں jobs نہیں دیئے جاتے تھے ۔ بات یہ نہیں تھی ۔ بات یہ تھی کہ کام کرنے کی کون صلاحیت رکھتا ہے اور جب میں یہ بات کہہ رہا ہوں تو ذرا آپ سعودی عرب اور Gulf states کا بھی اندازہ لگا لیں کہ وہاں بھی جو اس قسم کے کام تھے اس کے لیئے بھی manpower پاکستان کے انہی حصوں سے زیادہ جاتی تھی ۔ سعودی عرب اور Gulf states میں جتنے تعمیر و ترقی کے کام ہوئے میری مراد یہ ہے کہ جہاں تک بلڈنگز، سڑکوں وغیرہ کی تعمیر کا تعلق تھا اس میں اس علاقے کے محنت کشوں کا بہت بڑا role ہے ۔ کراچی میں بھی یہ صورت تھی کہ خاص قسم کے جو کام تھے وہ صرف پنجاب اور سرحد کے محنت کش لوگ کر رہے تھے ۔ اس میں سندھیوں کو کسی منصوبے کے تحت بے دخل کرنے کا قطعاً کوئی پروگرام نہیں تھا ۔

آج بھی جناب صورت حال کراچی کے اندر کیا ہے - کچھ کام ایسے ہیں جن کے لیے نہ تو پنجابی میسر ہیں نہ سندھی میسر ہیں، نہ بلوچی نہ اس کے لئے پٹھان میسر ہیں مثلاً آپ کراچی میں اس وقت یہ دیکھئے کہ جو کھانے پکانے کا کام ہے اور آیا وغیرہ کا کام ہے اس کے لیئے آپ دیکھئے کہ سری لنکا، بنگلہ دیش اور بہار (انڈیا) - برما سے لوگ آ رہے ہیں - اگر پاکستان کے لوگ یہ کام کرنا چاہیں تو باہر سے دوسروں کو منگوانے کی ضرورت نہ پڑے اور بطور وزیر داخلہ میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ میرے پاس بے شمار ایسی درخواستیں آتی ہیں کہ ہمیں بنگلہ دیش سے ایک خانساماں منگوانے کی اجازت دے دیجائے ہمیں سری لنکا سے ایک آیا منگوانے کی اجازت دے دی جائے - اس کے باوجود یہ جو ہماری سیاست نے نیا رخ اختیار کیا اور وہاں سندھیوں اور مہاجروں کے درمیان، پٹھانوں اور مہاجروں کے درمیان clashes ہوئے، میں نے اس صورت حال کا کراچی میں خود مشاہدہ کیا ہے، آج بھی میں دعوے سے بلا خوف وتردید یہ کہہ سکتا ہوں اور اتفاق سے اس وقت یہاں سینیٹر محسن صدیقی صاحب موجود نہیں ہیں، میں نے جب وسیع پیمانے پر لوگوں سے رابطہ قائم کیا تو پتہ چلا کہ اردو سپیکنگ کمیونٹی جو ہے وہ اپنے آپ کو اس وقت مہاجر کہتی ہے تو وہ لوگ اپنے گھروں پر اپنی حفاظت کے لیئے خود جو چوکیدار رکھتے ہیں ان میں سب سے زیادہ پٹھان ہوتے ہیں - اب بھی بندرگاہ سے سامان اٹھا کر ٹرکوں پر جو لوگ لادتے ہیں وہ پنجابی محنت کش ہوتے ہیں -

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

جناب عالیٰ! یہ بات قطعاً نہیں ہے کہ کوئی کسی پہ ڈاکہ ڈال رہا ہے، کسی پر حملہ کر رہا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ ۱۹۶۵ء میں، میں بنگلہ دیش گیا تھا اور میں جس جہاز میں سفر کر رہا تھا اسمیں تقریباً تین چوتھائی پٹھان بھرے ہوئے تھے۔ پتہ چلا کہ وہاں جنگل کاٹنے کے لیئے یہ کام پٹھان ہی کر سکتے ہیں۔ جناب ویسے تو میرا تعلق پاکستان سے ہے لیکن میں پنجاب کا رہنے والا ہوں وہاں بھی جب ہمیں اپنے دیہاتوں میں کچی مٹی کی دیواریں کھڑی کرنا ہوتی ہیں تو یہ کام بھی وہاں پٹھان کرتے ہیں۔ کچھ کام ایسے ہیں جنکو خاص قسم کے لوگ، خاص علاقے کے لوگ کرتے ہیں۔ اسی طریقے سے پنجاب کا جو کاشتکار ہے وہ بڑا محنتی اور ہنر مند ہے اور وہ کام کرنے کی صلاحیت دوسروں کی بہ نسبت زیادہ رکھتا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ سندھ میں جب irrigation کا سسٹم نیا نیا جاری ہوا تو وہاں سے لوگ یہاں آکر پنجابی کاشتکاروں کو خرچہ دے کر، ان کی منتیں کرکے کنبوں کے کنبے وہاں لے کر جاتے تھے تاکہ وہاں انکی زمینیں آباد ہوں۔ تو یہ ایک ایسا تاریخی عمل تھا جس میں سندھیوں کو کسی کے تابع کرنے کا عمل نہیں تھا، بے دخل کرنے کا عمل نہیں تھا۔ بلکہ مواقع جو اس قسم کے میسر تھے جس میں ایک عمل ہوتا تھا وہ جاری رہا۔ لیکن حکومت کی یا سیاسی قیادت کی ناکامی اس بات پر ہوتی ہے کہ جب یہ عمل ہو رہا تھا تو ان کے ذہن میں اس چیز کا قطعاً کوئی نقشہ نہیں تھا کہ آئندہ چل کر اس کی کیا صورت بنے گی۔ انہوں نے اندازہ نہیں لگایا کہ آج سے دس سال بعد کراچی کی آبادی کیا ہو گی۔ وہاں پانی کی ضرورت

میں کتنی کمی ہوگی ۔ وہاں تعلیم کی ضرورتوں کو کتنا بڑھانا پڑے گا ۔ وہاں سڑکوں کی کیا ضرورت ہوگی ۔ وہاں بجلی کی کیا ضرورت ہوگی ۔ وہاں روزگار کے جو نئے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، جو نئے لوگ آ رہے ہیں ان کے لئے مکانات کی کتنی ضرورت ہوگی تو یہ failure تھا حکومت کا، میں کہتا ہوں سیاسی قیادت کا failure تھا۔ یہ کوئی ایک سال کا مسئلہ نہیں ہے ۔ یہ کیئر ٹیکر گورنمنٹ کی بات نہیں ہے۔ یہ جناب جونیجو صاحب کی حکومت کی بات نہیں ہے ۔ یہ ایک چالیس سالہ طویل تاریخ ہے لیکن وہ لوگ جو اپنے آپ کو اس ملک کا رہنما کہتے ہیں وہ تو چھوٹے چھوٹے جھگڑوں میں پڑے رہے اور جو اصل planning کرنی تھی وہ ہم نہ کر سکے ۔ اور آج اس کا مجموعی اثر ہماری سیاسی، سماجی اور اقتصادی زندگی پہ ظاہر ہو رہا ہے ۔

جناب والا ! اب آپ انتظامی شکل کو بھی لے لیجیئے۔ میں آپ کو انڈیا کی مثال دیتا ہوں کہ دہلی کے اندر جو ایک نسبتاً کم polarized city ہے ۔ وہ اتنا انڈسٹریل سنٹر نہیں ہے جتنا کہ کراچی ہے ۔ کراچی تو سب سے بڑا کمرشل اور انڈسٹریل سنٹر ہے ۔ وہاں کوئی سات ملین کی آبادی پہ چالیس ہزار پولیس فورس ہے جو ایک ماڈرن نظام جس کو کمشنریٹ سسٹم کہتے ہیں جس میں بڑی improvement ہوئی ہے۔ اس کے تحت وہ کام کر رہی ہے ۔ اس کی ٹریننگ مختلف ہے اس کے پاس وسائل مختلف ہیں۔ اس کو بہتر تنخواہ دی جاتی ہے ۔ اور اس کے پاس بہتر وسائل ہیں وہ اس کو manage کر رہی ہے لیکن اس کے برعکس کراچی کے اندر آج جناب جو پولیس کی total strength

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

گیارہ ہزار تھی جس کو حال ہی میں بڑھا کر ۱۵ ہزار کیا گیا ہے لیکن نہ تو اس کے پاس ٹریننگ ہے جو ایک ماڈرن شہر کے انتظام کے لئے ضروری ہے نہ اس پولیس کا وہ مزاج ہے کہ جس کے مطابق اس کو اس صورت حال سے نمٹنے کے لیئے تیار کیا جاتا ہے۔ نہ اس کے پاس وسائل ہیں کہ جس کے بل بوتے پر وہ اپنی duties بہتر طریقے سے انجام دے سکے۔

جناب والا! یہ اتنے گھمبیر مسائل ہیں جو ہماری چالیس سالہ غفلت کی وجہ سے اتنے بڑھتے گئے کہ اس کا نتیجہ آج اس شکل میں ہمارے سامنے آیا اور جب بھی لوگوں کو یہ بات بتلائی جاتی ہے کہ ان کو پانی کی قلت کا سامنا کیوں ہے تو کچھ ہماری بونی قیادت ہے یا جو لوگ گھٹیا سیاست کرتے ہیں وہ اس کی وجہ یہ بتلاتے ہیں کہ پنجاب نے آپ کا حق مارا ہوا ہے۔ پنجاب یہاں انوسٹمنٹ نہیں ہونے دیتا۔ جب اس سے بات نکلتی ہے تو کہتے ہیں کہ سندھی آپ کا حق کھا گئے، پنجابی آپ کا حق کھا گئے یہ مہاجر آپ کا حق کھا گئے تو یہ جو ایک دوسرے کو الزامات دینے کی بات ہے یہ قطعاً غلط ہے۔ ہم نے اپنی چھوٹی چھوٹی دکانداری چمکانے کیلئے قوم کو گروہوں میں بانٹ دیا ہے۔ مجھے معاف کیجیئے گا یہاں علماء حضرات بھی بیٹھے ہوئے ہیں ہم نے قوم کو فرقوں میں بانٹ دیا ہے۔ کہیں شیعہ سنی کے فسادات ہو رہے ہیں۔ کہاں کا اسلام یہ کہتا ہے کہ آپ قوم کو ان فرقوں میں بانٹ دیں۔ لیکن چونکہ یہ ہماری سیاسی ضروریات ہیں۔ ہم نے اپنی سیاسی ضروریات کو اپنی قوم اور اسلام کے مفادات پر ترجیح دی ہے۔ کسی نے کسی کا کچھ نہیں کھایا۔ کوئی بھی کسی کا کچھ

نہیں کھا رہا۔ مشرقی پاکستان جو اب خدا کے فضل سے بنگلہ دیش ہے ہمیں خوشی ہے کہ وہ آزاد اور خود مختار ملک ہے۔ لیکن جب بھی وہاں یہ بات ہوتی تھی کہ مشرقی پاکستان میں جتنی غربت ہے، جتنی پریشانیاں ہیں، جتنے مسائل ہیں، انکی وجہ مغربی پاکستان ہے۔ آج آپ دیکھئے کہ کیا مشرقی پاکستان میں یا بنگلہ دیش میں دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں۔ وہاں انکی حالت آج ہم سے کم از کم بہتر نہیں ہے۔ جو بین الاقوامی طور پر ورلڈ بینک کی figures آتی ہیں اس سے آپ کو پتہ چلے گا کہ وہاں پر اس وقت جو income per capita ہے اس سے پاکستان کی income per capita اڑھائی گنا زیادہ ہے۔ 180 ان کی ہے اور تقریباً چار سو ڈالر خدا کے فضل سے پاکستان کی per capita income ہے اور اس کا الزام کس پر تھا۔ اس پر کتنی قتل و غارت ہوئی۔ یہی بات اس وقت سندھ کے اندر ہے۔ سندھ کے اندر جن لوگوں کو کوئی پلیٹ فارم نہیں مل رہا، جو ملکی سیاست کی بات نہیں کر سکتے، جو ملک کے مسائل کی طرف نہیں آنا چاہتے، وہ ایسی باتیں کرتے ہیں۔

بات تو یہ تھی کہ آپ اس بات پر جھگڑتے چالیس سال کے اندر کہ اس ملک کے ہر بچے کو تعلیم کی سہولت مہیا کیوں نہیں ہوئی جب کہ یہ مہیا کرنا حکومت کا فرض ہے۔ ہمیں چاہیئے تھا کہ علاج کے لیئے ہم سہولتیں مہیا کرتے۔ ہم روزگار کی سہولتیں مہیا کرتے۔ لیکن ہم نے کیا کیا۔ ہم نے ان مسائل کے لیئے نہ تو کوئی حل پیش کیا نہ اس کے لیئے کوئی کام کرنے کی ضرورت محسوس کی بلکہ یہ آسان

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

راستہ ڈھونڈا کہ الزام دوسرے پر ڈال دیا ۔ جناب والا! مجھے سابق وزیراعظم کے ساتھ اندرون سندھ کا دورہ کرنے کا اتفاق ہوا۔ جناب میں کشمور گیا اور کشمور وہ جگہ ہے جہاں تینوں صوبوں کی سرحدیں ملتی ہیں تو وہاں میں سندھی بھائیوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا وہاں پر ڈیرہ غازی خان کے غریب ہاری بھی وزیراعظم کو سننے کے لیئے موجود تھے ۔ میں نے کہا جناب آپ کہتے ہیں کہ پنجاب نے سندھ کا حق مارا ہے ۔ یہاں سے ایک سو میل کا Radius بناؤ، تین صوبوں کی سرحدیں ملتی ہیں ۔ پنجاب کی ملتی ہے ۔ سندھ کی ملتی ہے ۔ ذرا دیکھیئے وہ کہاں ہے احساس محرومی ، احساس محرومی اس طریقے سے vertical نہیں ہے ۔ یہ عمودی نہیں ہے کہ پنجاب کی سرحد پر تو خوشحالی شروع ہو جاتی ہے اور صوبہ سرحد پر غربت شروع ہو جاتی ہے پنجاب کے اندر تو دودھ اور شہد کی نہریں بہتی ہیں لیکن جب سندھ میں آئیں تو وہاں غربت وافلاس پھیلا ہوا ہے، ایسا قطعاً نہیں ہے۔ ہر جگہ تقسیم عمودی نہیں بلکہ متوازی ہے ۔ سندھ کا وڈیرا ، پیر، میر اور پنجاب کا ملک اور چوہدری اور بلوچستان کا سردار اور میر اور سرحد کا خان اور وڈیرا یہ تقریباً ایک جیسی زندگی بسر کرتے ہیں ۔ جن کا ایک ہی سٹائل ہے ۔ جن کے رشتے آپس میں ہیں. جن کی دوستیاں آپس میں ہیں سندھ کا ہاری ہے اس کی وہی حالت ہے جو پنجاب کے مزارعہ کی حالت ہے ۔ جو سرحد اور بلوچستان کے اندر کسان ہے اس کی بھی وہی حالت ہے ۔ اس کی حالت تبدیل کرنے کے لئے ہم نے کبھی کوشش نہیں کی ۔ احساس محرومی ہمیں کہاں ہوتا ہے ۔ ہم جو لیڈر ہیں، پاکستان

کے اندر جب ہمیں قوت نہیں ملتی - ہمیں جب سیاسی اقتدار نہیں ملتا تو ہم لوگوں کی محرومی کا رونا روتے ہیں- کچھ سرداروں نے بلوچستان کے اندر کہا کہ بلوچستان میں ہمیں حقوق حاصل نہیں ہیں - اپنے ان غریب قبیلے کے ساتھیوں اور ان کے سربراہوں کو حکم دیا کہ یہاں سے نکل کر وہاں آؤ اور اب جناب مجھے پتہ چلا ہے کہ وہ کس حالت میں زندگی بسر کر رہے ہیں - اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے - ہم ان چھوٹے بونے سیاسی رہنماؤں پر، جنہوں نے کبھی پاکستان کے جو اصل مسائل ہیں ان کے حل کی طرف توجہ نہیں دی بلکہ ہم نے اپنی سیاسی دکانداریاں چمکانے کے لیئے قوم کو فرقوں میں، لسانی اور علاقائی گروہوں میں تقسیم کر دیا- جناب والا! اگر یہ تقسیم جائز ہو تو میں آپ کو یقین سے کہتا ہوں کہ گوجرانوالہ کا جو علاقہ ہے وہ میانوالی اور بھکر اور خوشاب اور ڈیرہ غازی سے بہت جُدا ہے تو پھر یہ تقسیم کبھی ختم نہیں ہوگی - آپ کو تو ایک اصول بنانا ہوگا کہ پاکستان کی حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ تمام لوگوں کے لیئے ان کے علاقے میں وسائل مہیا کرے - تعلیم مہیا کرے، روزگار مہیا کرے تاکہ لوگ نقل مکانی نہ کریں -

جناب ایک عرصہ سے کراچی صنعت کا گڑھ بنا ہوا ہے- میں آپ کو یقین سے کہہ سکتا ہوں اور یہ بات میرے ذاتی علم میں ہے کہ جب سے چونیاں انڈسٹریل سٹیٹ بنی ہے معلوم نہیں کتنا ارب روپیہ کراچی سے نکل کر چونیاں کی سٹیٹ میں invest ہوا ہے- اور لوگ اُدھر سے اِدھر migrate کر رہے ہیں- یہ تو ایسا ہی ہے

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

کہ جہاں شہد ہوگا وہاں مکھیاں اڑ کر پہنچیں گی۔ جہاں روزگار ہوگا وہاں لیبر پہنچے گی۔ لیکن میں یہ چاہتا ہوں کہ صنعت کی ایک جگہ concentration نہیں ہونی چاہیئے۔ لوگوں کو نقل مکانی کرنے کی ضرورت نہیں آنی چاہیئے۔ لوگوں کو علاقے میں ہی تمام سہولتیں میسر ہونی چاہئیں، کوئی آدمی گھر بار چھوڑ کر باہر جا کر کام کرنے کے لیئے تیار نہیں ہوتا۔

جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ساری باتیں ہم نے مسائل سے فرار اختیار کرنے کے لیئے کی ہیں تاکہ کسی طریقے سے ہمیں کوئی پلیٹ فارم ملے۔ اس میں کسی کا قصور نہیں ہے۔ پہلے چار قومیتوں کی بات ہوتی تھی اب پانچویں قومیت کی بھی بات ہوتی ہے۔ میں جناب جاوید جبار صاحب سے متفق ہوں کہ اس ملک میں ایک قوم ہے اور وہ قوم ہے پاکستانی۔ جس کا تشخص مسلمان ہوتا ہے۔ اگر آپ نے پانچ قوموں میں تقسیم کیا تو یہ بات اس معزز ایوان میں کہتے ہوئے مجھے کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہے۔ کہ پھر آپ کو پچھتر قوموں میں تقسیم کرنا پڑے گا۔ پھر لوگ کہیں گے کہ پنجاب کے فلاں حصے میں مثلاً ہمارا حق لاہور نے مارا ہے اور فیصل آباد نے مارا ہوا ہے۔ آپ پہلی بات تو یہ مان لیجیئے کہ اس ملک کے اندر ایک قوم ہے، علاقے کی ترقی کی بات الگ ہے۔ اگر سندھ کا کچھ علاقہ پسماندہ ہے تو یہ حکومت پاکستان کی ذمہ داری ہے کہ اس کو ترقی دے۔ لیکن اگر بلوچستان کے اندر ایسی کوئی صورتِ حال ہے تو وہ بھی پاکستان کا علاقہ ہے۔ یہ تقسیم، جیسے میں نے آپ سے عرض کیا۔ یہ عمودی نہیں ہے۔ بلکہ متوازی ہے۔

پنجاب کی سرحد پر خوشحالی شروع نہیں ہوسکتی جہاں بھی پنجاب کا بارڈر جس سے ملتا ہے اس کا مقابلہ کر کے دیکھ لیجیئے۔ یہاں اٹک سے، سرحد سے مقابلہ کر کے دیکھ لیجئے، ایک جیسی صورت حال آپ کو ملے گی۔ رحیم یار خان اور سکھر کا مقابلہ کر کے دیکھ لیجئے آپ کو ایک جیسی صورت حال ملے گی۔ ڈی جی خان اور جیکب آباد کو دیکھ لیجیئے آپ کو ایک جیسی صورت حال ملے گی۔ یہ کوئی ڈیزائن نہیں ہے، کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ نہ کسی پنجابی کا نہ کسی اور کا۔ بلکہ میں کہوں گا کہ یہ ہماری سیاسی زندگی کی ناکامی ہے۔ ہماری قیادت کی ناکامی ہے۔ جس کی سزا آج ہم بھگت رہے ہیں۔

جناب والا! میں آپ سے عرض کر رہا تھا کہ سب سے پہلے جو صوبائی خود مختاری کا نعرہ پاکستان میں لگا وہ صوبہ سرحد میں لگا۔ اور اس کے پیچھے بھی کیا اندرونی محرکات تھے اور کیا سوچ تھی۔ لیکن آج آپ نے دیکھا کہ کچھ لوگ پختونستان کا نعرہ لگاتے ہوئے صوبائی خود مختاری کی بات کر رہے تھے۔ آج دیکھ لیجیئے کہ خدا کے فضل وکرم سے، سرحد پاکستان کا ایک بہت مضبوط گھر ہے۔ چونکہ وہ تمام عوامل ہم نے دور کر دیئے۔ انشاء اللہ مجھے یقین ہے کہ سندھ کے اندر سندھ کا جو عام مسلمان ہے، سندھ کا جو باسی ہے، وہ سچا اور پکا پاکستانی ہے۔ مجھے جیکب آباد میں لوگوں کے سامنے تقریر کرنیکا اتفاق ہوا تو میں نے دیکھا کہ جب میں اسی انداز میں بات کر رہا تھا کہ یہ جھگڑے نہیں ہیں تو ایک بوڑھا آدمی جس کا نام مجھے اس وقت یاد نہیں ہے لیکن وہ اچھا خاصا معزز آدمی تھا۔ وہ اٹھ کر جذبات سے بھرا ہوا سٹیج پر آگیا اور کہنے لگا یہ جو نوجوان اس وقت پاکستان

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

کے خلاف بات کرتے ہیں، میں ان کو بتاؤں، ان کو اندازہ نہیں ہے کہ آج سے چالیس سال پہلے جس وقت ہم متحدہ ہندوستان میں تھے وہاں ہماری حالت کیا تھی۔ جتنا بڑا جاگیر دار ہوتا تھا۔ اتنا زیادہ ساہوکار کا مقروض ہوتا تھا تو یہ اتنا بڑا انعام پاکستان کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیا ہوا ہے۔ جو بھی بات ہے اس کے اندر رہ کر کریں۔ ہم سے جھگڑیں، ہم سے لڑیں، یہ آپ کا اپنا گھر ہے۔ آپ کی اپنی حکومت ہے، آپ اس میں share holder ہیں اور جو بھی آپ کے ساتھ ناانصافی کرے اس کا گریبان پکڑیئے، اپنے حقوق مانگیئے۔ لیکن خدارا پاکستان کے بارے میں ایسی بات نہ کریں کہ اس کو اب ٹوٹ جانا چاہیئے۔

مجھے بہت خوشی ہے۔ ہمارے نوجوان، میرے ساتھی جناب اعجاز علی جنوئی صاحب نے بڑی دردمندانہ اپیل کی اور مجھے فخر ہے اس نوجوان پر کہ یہ سندھ میں ایک نہایت مثبت کردار ادا کر رہے ہیں اور مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ جی۔ایم۔سیّد جیسے آدمی، ہمارا کسی کی ذات سے قطعاً کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ہمارا صرف نظریات اور بات سے اختلاف ہو سکتا ہے آج پاکستان کے فریم ورک میں رہتے ہوئے، سندھ کے اس علاقے کی بات کرتا ہے جہاں کچھ ترقی نہیں ہو سکی۔ جہاں کچھ حقوق کا معاملہ ہے حکومت پاکستان اور پاکستان کے عوام کا اس کے ساتھ قطعاً کوئی جھگڑا نہیں رہتا۔ بلکہ ہم انہیں ایک بزرگ کی حیثیت سے تسلیم کرنے کو تیار ہیں۔ ہمارا جھگڑا کہاں سے شروع ہوتا ہے۔ جب یہ بات کی جاتی ہے کہ پاکستان کو اب ٹوٹ جانا

چاہیئے ۔ کبھی وہ لوگ جو اس ملک کے کرتا دھرتا تھے ۔ جو ۱۹۷۳ کا آیئن بنانے والے تھے ۔ جب وہ کنفیڈریشن کی بات کرتے ہیں تو پھر یہ بات کہنی پڑتی ہے کہ ۱۹۷۳ء کے آئین میں خلوص نہیں تھا۔ اگر یہ درست تھی تو اس وقت چونکہ آپ وزیر تھے آپ کے پاس اقتدار تھا اس لیئے آیئن درست تھا ۔ لیکن جب سے آپ اقتدار سے باہر ہوئے ہیں تو پھر آپ کہتے ہیں کہ کنفیڈریشن ہونی چاہیئے ۔ اس کا مطلب ہے کہ پاکستان سے یا پاکستان کے مسائل سے یا پاکستان کے عوام سے آپ کو کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ اگر آپ کو احساس محرومی ہے تو اقتدار کی محرومی ہے ۔ آئیے پاکستان کے اندر مل بیٹھ کر عوام کی بھلائی کی بات کریں ۔ اور ان جھگڑوں میں نہ پڑیں ۔

جناب ان تمام چیزوں کے دو پہلو ہیں- ایک سیاسی پہلو جس کا ذکر میں نے آپ کے سامنے کیا اور پہلے بلوچستان کے اندر پھر سرحد کے اندر یہ مسئلہ اٹھا ، آج خدا تعالےٰ کے فضل وکرم سے بلوچستان کی صورت حال جو ہے ، بطور وزیر داخلہ میں آپ سے کہہ رہا ہوں کہ اطمینان بخش ہے وہاں مجھے کوئی اس قسم کی بات نظر نہیں آتی خصوصاً دو چیزوں سے مجھے بڑا ڈر لگ رہا ہے، باقی معاملات ٹھیک ہو جائیں گے ، یہ جو قوم کو فرقوں میں اور قوم کو طبقوں میں بانٹا جا رہا ہے یہ ہمارے لیئے ناسور ثابت ہو گا اور میں ان تمام حضرات سے جو پاکستان کو اس راستے پر لے جانا چاہتے ہیں، درمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ خدا کے لیئے یہ راستہ قوم اور

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

ملک کے لیئے بہتر ہے نہ آپ کے لیئے ۔ آج جب لسانی جھگڑوں کی بنیاد پر ، طبقاتی بنیاد پر وہاں فساد ہوتے ہیں تو جو بھی مارا جاتا ہے وہ ایک مسلمان کا بچہ مارا جاتا ہے ، مسلمان کا بیٹا مارا جاتا ہے ، مسلمان خود مارا جاتا ہے ، اس کے بھائی مارے جاتے ہیں ، کسی مسلمان بیٹی کا خاوند شہید ہوتا ہے ، میں آپ سے یہ عرض کر رہا ہوں کہ وہاں جو جھگڑے کر رہے ہیں ان میں سندھی کا خون بہتا ہے ، پنجابی کا خون بہتا ہے ، مہاجر کا خون بہتا ہے تو وہ ایک پاکستانی مسلمان کا خون ہوتا ہے ۔ ہمیں خون بہانے سے اجتناب کرنا چاہیئے اور جو مسائل ہیں ان کو مل بیٹھ کر حل کرنا چاہیئے ۔ اب آپ کہیں گے کہ میں تو ایک sermon دے رہا ہوں ، میں کوئی وعظ کر رہا ہوں ۔ میں وعظ نہیں کر رہا ، میں پاکستان کا ایک شہری ہوں ۔ آج وزیر داخلہ ہوں کل نہیں ہو سکتا ۔ آپ میں سے کوئی کل اس منصب پر فائز ہو سکتا ہے لیکن یہ پاکستان کے ساتھ جو رشتہ آپ کا اور میرا ہے ایک پاکستانی کے لحاظ سے وہ انشاءاللہ کبھی نہیں ٹوٹے گا اور ہمیں ایک پاکستانی کی حیثیت سے آگے بڑھنا چاہیئے ۔

جناب والا ! اب میں چند اقدامات کی طرف آتا ہوں ، جہانتک سیاسی معاملات کا تعلق ہے تو ہم یہ چاہیں گے کہ اس مسئلے کو سیاسی طور پر حل کیا جائے ۔ جو زہر پچھلے ۲۵ ، ۳۰ یا ۴۰ سال سے گھولا جا رہا تھا اور اس کی جو فصل ہم نے بوئی تھی آج ہم وہ فصل کاٹ رہے ہیں ۔ ہماری یونیورسٹیاں اور کالجز پاکستان کے خلاف ایک گڑھ بن چکے ہیں وہاں پاکستان کے جھنڈے کی بے حرمتی کی جاتی ہے ۔ وہاں قائد اعظم جو بابائے قوم ہیں ان کی فوٹو کی بے حرمتی کی جاتی ہے ۔ یہ صورت حال کسی پاکستانی کے لیئے اچھی نہیں ہے ۔ ان کی قربانی کی وجہ سے ان کی

قیادت کی وجہ سے آج آپ آزادی کا سانس لے رہے ہیں۔ آپ کا ایک تشخص ہے، آپ کا ایک مقام ہے دنیا کے اندر تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس سلسلے میں مجھے اپنی سینیٹ سے جو اس وقت موجود ہے جسے ایک انتہائی اہم کردار ادا کرنا ہے اس وقت ملک کے اندر کوئی قومی اسمبلی نہیں۔ قومی اسمبلی میں آپ پھر بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہاں پنجاب کی میجارٹی ہے۔ تینوں صوبوں کو اکٹھا کریں، پنجاب کی پھر بھی اکثریت ہے لیکن سینیٹ وہ واحد منتخب ادارہ ہے جس میں تمام صوبوں کو برابر نمائندگی حاصل ہے۔ آج آپ اس پوزیشن میں ہیں کہ وہ کام کر جائیں جو پاکستان کی بقاء اور استحکام کے لیئے بہت بڑا کارنامہ ثابت ہو سکتا ہے، آج قوم کے منتخب نمائندوں کا ایوان صرف اور صرف یہ سینیٹ ہے۔ اگر آپ کسی اہم معاملے میں اپنا رول ادا کرنا چاہتے ہیں تو یہ ایک تاریخی موقع ہے جو شاید پھر آپ کے ہاتھ نہ آئے۔ آپ آگے بڑھیئے اور ان زخموں کو مندمل کیجیئے، ہمارے معاشرے کے اندر جو زہر گھلا ہوا ہے اور یہ جو ناسور بنتا جا رہا ہے اس کا علاج کرنے کے لیئے آپ آگے بڑھیئے، اس کے لیئے میری تجویز ہے کہ کم از کم دو ممبران ہر صوبے سے لیئے جائیں جو کہ کمیٹی بنائیں جو سندھ کے ان متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں اور ہر طبقۂ فکر کے لوگوں سے ملیں، اور مجھے اس بات میں قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہو گا کہ کمیٹی کے یہ اصحاب جا کر جی ایم سید صاحب سے بھی ملیں، ممتاز بھٹو سے ملیں، حفیظ پیرزادہ سے ملیں، جو بھی اس وقت ہم سے روٹھے ہوئے ہیں، پاکستان کے خلاف زہر اگلتے ہیں اگر وہ آج بھی پاکستان کی بات کرنے کو تیار ہیں تو ہم ان سے بات کرنے کو تیار

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

ہیں لیکن اگر اس کے باوجود کچھ لوگ پاکستان کے خلاف اس قدر آگے جا چکے ہیں تو پھر ان کو اس سرزمین سے اپنا ناتا توڑ لینا چاہیئے اور پھر میں یہ propose کروں گا کہ جو پاکستان توڑ دینے کی بات کرتا ہے جو پاکستان کو ختم کرنے کی بات کرتا ہے اس کو پاکستان کا شہری رہنے کا قطعاً کوئی حق نہیں ہے، پھر میں چاہوں گا کہ ایک قانون لا کر ان کا حق شہریت ضبط کر لینا چاہیئے۔ وہ جس ملک میں چاہیں جا کے رہیں، پاکستان سے اپنا ناتا توڑ لیں، پاکستان انشاء اللہ ان کے بغیر بھی زندہ رہے گا اور تابندہ رہے گا، اس میں کوئی شک نہیں اگر آج وہ ہم سے کھل کر بات کرنے کو تیار ہیں تو میں اس معزز ایوان کی اس کمیٹی کو کہتا ہوں کہ وہ سب سے جا کر ملے اور ان کو بھائی چارے کا، محبت کا پیغام دے، جہاں بھی کوئی ناانصافی ہے اس کو دور کرے جب سندھ کے ساتھ ناانصافی ہو تو یہ باقی تینوں صوبوں کا حق ہے کہ وہ ڈٹ کر اس کی حمایت میں کھڑے ہو جائیں چونکہ یہی ایک طریقہ ہے جس سے ہماری جو مسلم روایات آگے چل سکتی ہیں اور جس سے ہم اس پاکستان کو مضبوط و مستحکم کر سکتے ہیں۔ آپ نے وہ قصہ تو سنا ہی تھا کہ جب ایک جنگ میں پانی کا ایک پیالہ لیکر وہ زخمیوں کے پاس جاتے اور ایک زخمی خود پہ دوسرے کو ترجیح دیتا تھا اس طرح سب شہادت پا جاتے ہیں لیکن کسی نے پہلے پانی پینے کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ شاید اس سے اگلے والا جو ہے اس کی ضرورت زیادہ ہو تو جب تک یہ صورت حال نہ ہوگی، جب تک ہمارے اندر قربانی کا یہ جذبہ نہیں ہو گا ہم آگے نہیں بڑھ سکیں گے۔

آج ایک تاریخی لمحہ ہے اور اس کا ملک کے اندر سب کو احساس

ہے۔ ہر آدمی جو پاکستان کا شہری ہے وہ دردمندی سے روتا ہے۔ اس کا ذہن اس بات سے پریشان ہے کہ ہم کس طرف جا رہے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ اس تاریخی لمحے پر یہ سینیٹ اپنا تاریخی کردار ادا کرے اور جو لوگ اس کے باوجود بھی تیار نہیں پھر ان کے خلاف ....

چونکہ کوئی حکومت بھی اس قسم کی اجازت نہیں دے سکتی۔ کسی ملک میں کسی جگہ پر بھی آپ مجھے دکھا نہیں سکتے کہ کوئی کھڑا ہو کر کہے کہ اس ملک کو ختم کر دیا جائے۔ چنانچہ اس کے لیئے ہمیں ضروری اقدامات اٹھانے ہوں گے۔

اس کے علاوہ جناب جیسے میں نے عرض کی کہ بہت سے معاملات ہیں جو انتظامی نوعیت کے ہیں اور جیسے میں نے آپ کو مثال دی کراچی کے اندر ہمارا جو پولیس سسٹم ہے، ۱۸۶۱ء کے ایکٹ کے تحت چل رہا ہے یعنی آپ اندازہ نہیں لگا سکتے، یہ نظام جو ۱۸۶۱ میں انگریزوں نے رائج کیا تھا ان کی اپنی ضروریات تھیں وہ باہر سے آئے ہوئے جابر حکمران تھے، لیکن ہماری پولیس کی اور ہمارے معاشرے کی ضروریات اس سے بالکل مختلف ہیں۔ مجھے یہ بتاتے ہوئے آج اس معزز ایوان میں بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ہم نے پولیس کے تمام نظام کو از سر نو استوار کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس کے لیئے ایک مکمل سکیم بنا کر صدر مملکت کو پیش کر دی گئی ہے اور میری ان کے ساتھ تفصیل سے discussions ہو گئی ہیں۔ وہ چند ہی دنوں میں اس سلسلے میں بڑا اہم اعلان کرنے والے ہیں۔ اس کے کچھ salient features میں آپ کی خدمت میں عرض کر سکتا ہوں کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ دو قسم کے

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

پولیس کے نظام ہمیں چاہئیں ، ایک تو شہری علاقوں کے لیئے اور ایک دیہی علاقوں کے لیئے ، دیہی علاقوں کی جو پولیس ہو اس کی ضروریات شہری علاقوں سے بالکل مختلف ہیں ، اس کیلئے نہ صرف ان کی تعداد میں اضافہ کیا جائیگا ، ان کی ٹریننگ بہتر کی جائے گی ، ان کی equipment بہتر کی جائے گی ، ان کا انداز اور مزاج بدلا جائیگا اور مزید انتظامی یونٹ قائم کیئے جائیں گے ۔

ایک بات جو میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا وہ آپ سن کر بڑے حیران ہوں گے جب میں نے صدر مملکت کو یہ بات بتائی تو انہوں نے کہا کہ یہ بات میں تو ماننے کے لیئے تیار نہیں۔ میں نے کہا جی یہ میرے پاس اس کا ثبوت ہے یعنی یہاں آپ دیکھیں کہ ہم نے اپنے معاشرے کی تقسیم کس انداز میں کی ہے ، یہاں جو پولیس کے انسپکٹر جنرل ہیں ، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ہیں ، جو سپرنٹنڈنٹس ہیں ان کے گریڈ جو ہیں وہ ہندوستان کے جو ڈی آئی جی اور آئی جی اور کمشنر ہیں ان سے کہیں زیادہ ہیں اور جو نیچے کے اصل آفیسرز ہیں ان کے آپ گریڈ دیکھیں تو آپ حیران رہ جائیں گے میں صرف آپ کو تھوڑا سا پڑھ کر سناتا ہوں کہ جو آئی جی ہے جس کو وہ کمشنر آف پولیس کہتے ہیں اس کا گریڈ ہے ۲۵.. - ۱۲۵ - ۲۷۵۰ جو ایڈیشنل کمشنر آف پولیس ہے جس کو وہ ڈی آئی جی کہتے ہیں اس کا گریڈ ہے ۲۲۵۰ - ۱۲۵ - ۲۵.. اور جو لیول ون ہے اس کا ۲۰۰۰ - ۱۲۵ - ۲۲۲۵ جو ڈپٹی کمشنر آف پولیس ہے یعنی ایس

پی جو ہے اس کا گریڈ ہے گیارہ سو سے لیکر ۱۳۰۰ پر ختم ہوجاتا ہے اور جو اس سے سینئر سکیل ہے وہ ۱۲۰۰ سے ۱۷۰۰ تک جاتا ہے اور جو اس سے سینئر ہے اس کا ۱۸۰۰ سے ۲۰۰۰ تک جاتا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر جس کو کہتے ہیں یعنی ہمارا اے ایس پی یا ڈی ایس پی کہنا چاہیئے ایڈیشنل ایس پی اس کا وہاں گریڈ ۶۵۰ سے شروع ہوتا ہے اور جو سینیئر گریڈ ہے وہ گیارہ سو تک جاتا ہے لیکن اس کے برعکس آپ دیکھیئے کہ وہاں جو پولیس کا انسپکٹر ہے اس کا گریڈ ۲۶۰۰ سے ۳۲۰۰ تک جاتا ہے۔ سب انسپکٹر کا وہاں گریڈ ۱۶۴۰ سے ۳۹۰۰ تک جاتا ہے، اسسٹنٹ سب انسپکٹر کا گریڈ ۱۳۲۰ سے شروع ہوکر ۲۰۰۰ تک جاتا ہے، ہیڈ کانسٹیبل کا گریڈ ۱۰۰۰ سے شروع ہوکر ۱۶۶۰ تک جاتا ہے اور جو کانسٹیبل ہے وہ ۹۵۰ سے شروع ہوکر ۱۴۰۰ روپے تک جاتا ہے۔ اس کے برعکس پاکستان میں انسپکٹر کا گریڈ ہے ۸۰۰ سے ۱۸۰۰ تک، جو سب انسپکٹر ہے ۵۶۰ سے شروع ہوکر ۱۰۰۰ تک جاتا ہے اور جو کانسٹیبل ہے اس کا ۴۸۰ سے لیکر ۶۷۰ تک جاتا ہے۔ اتنا تفاوت! یہ میں یورپ کے کسی ملک کی فگر آپ کو نہیں بتا رہا اور ایک پولیس اسٹیشن مثلاً جو بمبئی کے اندر ہے جو اربن پولیس سٹیشن ہے اس کا انچارج ایک ڈی ایس پی ہوتا ہے، اس کے نیچے تین انسپکٹر، ۲۵ سے ۳۰ تک سب انسپکٹر اور دو سو سے تین سو تک اے ایس آئی ہوتے ہیں اور یہاں آپ کے تھانوں میں خدا کے فضل وکرم سے مشکل سے کہیں انسپکٹر، اور کہیں اے ایس آئی ہوتا ہے اور پھر ہم توقع کرتے ہیں کہ وہ ہماری

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

ضروریات کو پورا کریں ۔ اس وقت جو سسٹم ہے مکمل out-dated ہے نہ ان کی training ہے نہ ان کو آپ نے معاشرے میں عزت دی ہوئی ہے ۔ کانسٹیبل کو آپ نے ایک نائب صدر کا گریڈ دیا ہوا ہے اور ۲۴ گھنٹے آپ اس سے ڈیوٹی لیتے ہیں اور پھر توقع کرتے ہیں کہ وہ آپ کے ساتھ اس لوبلی کا سلوک کرے جس کو آپ لندن میں ایک ہزار پونڈ دیتے ہیں ۔ ۸ گھنٹے ڈیوٹی کے بعد وہ آپ کو سلام مارتا ہے، اس کا جو سٹینڈرڈ ہے یا جس کے ساتھ اس کو بریکٹ جاتا ہے وہ ایک یونیورسٹی لیکچرار ہے، ایک ڈاکٹر ہے اور ایک انجنیئر ہے۔ اس سسٹم کو مکمل طور پر تبدیل کرنے کے لیئے ہم کوئی اعلانات نہیں کر رہے بلکہ ہم نے اپنی سفارشات فائنل کر لی ہیں اور انشاء اللہ اس پر بہت جلد عمل ہو گا ۔

دوسرا مسئلہ اس وقت جو ہمیں بہت پریشان کیئے ہوئے ہے وہ ناجائز اسلحے کا ہے ۔ جب سے افغانستان کی جنگ شروع ہوئی اور اس کی یہ قیمت ہم نے ضرور ادا کی کہ ملک میں اسلحے کی ریل پیل ہوئی ہے اور اس سے بہت سا ناجائز، خطرناک اور مہلک اسلحہ جو ہے وہ لوگوں کے پاس آگیا ہے ۔ حال ہی میں صدر مملکت کی صدارت میں جو کیبنٹ میٹنگ ہوئی تھی اس میں ہم نے آرمز ایکٹ کو چینج کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس کا ڈرافٹ بل جو اب آرڈیننس کی شکل میں آئے گا، منسٹری آف جسٹس میں پڑا ہوا ہے جس میں ہم نے بڑی زبردست changes کی ہیں کہ prohibitted bore کا اسلحہ جس کے پاس ناجائز طور پر ہو گا اس کیلئے ہم نے زیادہ سے زیادہ سزا دس سال قید رکھی ہے ۔

ہم نے یہ نہیں کہا کہ کم سے کم آپ ایک مہینے کی دے دیں۔ ہم نے یہ گنجائش ختم کر دی ہے۔ ہم نے کہا کہ پانچ سال کم از کم ہو گی اور زیادہ سے زیادہ دس سال ہو سکتی ہے اور اس پر ۵۰ ہزار روپیہ جرمانہ ہو گا اور کم سے کم جرمانہ ۲۰ ہزار ہو گا یا دونوں ہو سکتی ہیں۔ آپ دیکھیے کہ کس طریقے سے ہم پبلک میٹنگز میں کلاشن کوف لیکر پھرتے ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ صوبائی حکومت نے اس پر پابندی لگا دی ہے اور display کرنے والے کا تو واضح ثبوت ہے کہ وہ لیکر پھرتے ہیں اور انشاءاللہ اس قانون سے کوئی نہیں بچے گا۔ اس میں ہم نے یہ انقلابی تبدیلی بھی کی ہے کہ ناجائز اسلحے کا جو کاروبار کرنے والے ہیں ان کی تمام جائیداد ضبط کر لی جائے گی اور Non-prohibitted bore پر بھی ہم نے بڑی سخت سزائیں تجویز کی ہیں جو تین سال سے سات سال تک ہیں اور ۱۰ ہزار سے بیس ہزار تک جرمانہ ہے اور ہم نے اس کو non-bailable offence کر دیا ہے جب تک اس مقدمے کا فیصلہ نہیں ہوتا اس کی ضمانت نہیں ہو گی۔ اس کے لیے ہم نے سپیشل ٹربیونل اور سپیڈی ٹرائل کورٹ کیا ہے تاکہ فوری طور پر اس مقدمے کا فیصلہ کیا جائے کیونکہ ناجائز اسلحہ کو واپس لینا کسی حکومت کی سب سے بڑی ذمہ داری ہے اور موجودہ صورت حال میں جس میں دن رات مہلک اسلحہ استعمال ہو رہا ہے اس کو واپس لیا جانا بڑا ضروری ہے جب یہ آرڈیننس آ جائے گا تو ہم ایک ماہ کی لوگوں کو مہلت دے رہے ہیں۔ اس کے اندر اندر وہ اپنا ناجائز اسلحہ جمع کرا دیں۔ ہم لوگوں کو پریشان

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

کرنا نہیں چاہتے جو ایک مہینہ کے اندر اندر جمع کروا دیں گے۔ ان کے خلاف ہم کوئی کارروائی نہیں کریں گے اور جو اس کے بعد پکڑا گیا اس کو کسی حالت میں نہیں چھوڑیں گے اور ان کو نئے قانون کے مطابق سزا دی جائے گی۔

ہم نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ یونیورسٹی اور کالج وہ ادارے ہوتے ہیں جہاں قوم بنتی ہے، قوم کا مستقبل بنتا ہے یہ وہ جگہ نہیں ہے جہاں سے قوم کے لیئے ایسے لوگ پیدا کئے جائیں جو ملک و قوم کو ختم کرنے کی بات کریں، جو ملک و قوم کو توڑنے کی بات کریں، جو اپنے ملک کے جھنڈے کی توہین کریں، جو بابائے قوم بانی پاکستان کی توہین کریں۔ تو ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ اس قسم کی بات ہوئی تو ہم ان کو تعلیم کے ہی حق سے محروم کر دیں گے اور ان کو کالجوں اور یونیورسٹیوں سے نکال دیا جائے گا بلکہ ان کے لیئے تعلیم کے دروازے ہمیشہ کے لیئے بند کر دیئے جائیں گے۔ چوں کہ ان کا قطعاً کوئی حق نہیں ہے کہ جو سرزمین ان کو یہ سہولتیں مہیا کر رہی ہے جس کے ٹیکس سے وہ ادارے چل رہے ہیں اس میں بیٹھ کر وہ پاکستان توڑنے کی بات کریں، اس پر بھی ہم نے سخت ایکشن لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہم نے سندھ کی بگڑتی ہوئی صورت حال کے پیش نظر فوری طور پر ۵ ہزار نفری کی نئی فورس قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور جس کے لیئے ہم نے رینجرز کی ڈیوٹی لگائی ہے اور anti dacoit operation اور ان تمام کاموں کے لئے اس کو اسپیشل ٹریننگ دی جا رہی ہے۔ اس کے لئے ہم نے نئی

پولیس فورس بنانے کا فیصلہ کیا ہے جو رینجرز فورس، پیرا ملٹری فورس ہو گی۔ جب اس قسم کی ضرورت ہو گی تو پھر وہ یہاں آ کر ڈیوٹی دے گی اور جب اس سے فارغ ہو گی تو پھر وہ واپس اپنی سرحدوں پر جا کر اپنے ملک کا دفاع کریں گے۔ ہم نے یہ کہا کہ ریزرو پولیس قائم کرنے سے یہ خرابی ہوتی ہے کہ جب ان کی ضرورت نہیں ہوتی تو وہ بیٹھے رہتے ہیں لیکن یہ دوہری ڈیوٹی دیں گے، جب پاکستان کو اندرونی طور پر ضرورت ہو گی تو یہ available ہوں گے اور انشاءاللہ اگلے تین ماہ میں ۵۰ فیصد سے زیادہ فورس تیار ہو کر میدان عمل میں آ جائے گی۔

جناب میں یہ چاہتا تھا کہ اس کے علاوہ ہمیں سینیٹ کی طرف سے کچھ زیادہ مثبت تجاویز آئیں۔ میں اپنی طرف سے کوئی ایسی دو تجاویز پیش کرتے ہوئے ڈرتا بھی ہوں، آپ کہیں گے کہ یہ کیئر ٹیکر گورنمنٹ جو ہے یہ نئے شوشے چھوڑ رہی ہے۔ میرا تو خیال تھا کہ یہ آپ کی طرف سے آنی چاہیئے تھیں۔ مجھے افسوس ہے کہ کسی نے اس بات کی طرف توجہ نہیں دلائی کہ ایسی آرگنائزیشن جو ملک کو فرقوں میں، لسانی اور دوسرے طریقوں سے تقسیم کر رہی ہیں ان پر پابندی عائد کرنے کے بارے میں بھی سوچا جا سکتا ہے لیکن میں اس کی کوئی تجویز نہیں دے رہا میں ایسے ہی ایک loud thinking کی بات کر رہا ہوں۔ اس قسم کی قیادت پاکستان کے لیئے کوئی خطرناک قسم کے نتائج بر آمد کر سکتی ہے۔ اس پر سینیٹ کو از خود غور کرنا چاہیئے کہ ایسا ممکن ہو سکتا یا نہیں لیکن یہ میری کوئی فارمل تجویز

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

نہیں ہے ۔ ایک اور تجویز بھی ہو سکتی ہے جس پر پھر کوئی ہنگامہ کھڑا کیا جا سکتا ہے اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ حکومت کی سازش ہے ہمارے ایڈمنسٹریشن یونٹ جن کو ہم نے بڑا ہی sacrosanct اور برٹش ہی مقدس باؤنڈریاں تسلیم کرلی ہیں ، جو انگریزوں نے ہمارے صوبوں میں بانٹی تھیں یہ کوئی اتنی مقدس چیز نہیں ہے انگریزوں کے وقت میں جو صورت حال تھی یا پہلے مغلوں کے وقت میں تھی یا سکھوں کے وقت میں تھی یہ بدلتی رہتیں ہیں ۔ انتظامی ایڈ منسٹریشن یونٹ یہ کوئی صحیفۂ آسمانی کے بنے ہوئے نہیں تھے ۔ میں پھر اس تجویز کو بھی آپ کے سامنے رکھنے میں تھوڑی سی ہچکچاہٹ محسوس کر رہا ہوں لیکن میرا خیال ہے اگر میں نہ کروں تو میری کچھ بات ادھوری رہ جائے گی ۔ پاکستان کی تمام جتنی ڈویژن ہیں ان کو صوبے کا درجہ دے کر آپ بہتر انتظامی یونٹ پیدا کر سکیں تو ایک تو لسانیت ختم ہو جائے گی ۔ لوگوں کی تکالیف ضرور دور ہوں گی ۔ آپ شاید ایک اتنے بڑے صوبے کے گورنر اور وزیر اعلیٰ تو نہ بن سکیں لیکن اس چھوٹے سے ڈویژن کی سطح پر ایک زیادہ مؤثر ایڈمنسٹریٹو یونٹ کام کر سکتا ہے اور پھر جو احساس محرومی والی بات ہے ۔ اس میں ہر ڈویژن یعنی پنجاب، سرحد، بلوچستان، سندھ سب ہو سکتے ہیں لیکن پھر میں یہ کہوں گا کہ یہ سینیٹ جو ہے جس میں پاکستان کے تمام صوبوں کی مساوی نمائندگی ہے ایسی کوئی انقلابی تجویز دے سکے تو میں سمجھوں گا کہ یہ ملک و قوم کی بہت بڑی خدمت ہوگی لیکن اس پر اچھی طرح سے غور کرلیں یہ loud thinking ہے ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دو ریزولیوشن اس سبجیکٹ پر pending ہیں۔

ملک نسیم احمد آہیر: میرے نوٹس میں نہیں تھے۔

جناب چیئرمین: ابھی تک ہاؤس کے سامنے نہیں آئے لیکن pending ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آپ wind-up کریں۔

ملک نسیم احمد آہیر: میں wind-up کرنے لگا ہوں۔ میں نے آپ کی خدمت میں جو گذارشات پیش کی ہیں اور ہم نے جو یہ چند انتظامی اقدام اٹھائے ہیں ان سے حالات بہتر ہوں گے۔

اب جناب اخونزادہ بہرہ ور سعید صاحب نے جو ہندوستان کی بات کی تھی، اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ یہ درست ہے کہ ہندوستان ہمارے اندرونی معاملات میں مداخلت کرتا رہتا ہے۔ لیکن مجھے ہندوستان سے قطعاً کوئی گلہ نہیں ہے۔ میں اس پنجابی کہاوت کی طرف جاؤں گا جس میں کہا جاتا ہے کہ اپنے گھر کو پکا رکھو، تو پھر کسی کو چور کہنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ ہم گھر کے اندر ایسے حالات پیدا ہی نہ ہونے دیں کہ جس سے کسی کو باہر سے مداخلت کی گنجائش مل سکے۔ پاکستان کے عوام ہی، پاکستان کے تحفظ کی سب سے بڑی ضمانت مہیا کر سکتے ہیں۔ ویسے تو وہ پاکستان کے اندرونی حالات میں بہت زیادہ ملوث ہیں، اس کا میرے پاس کافی ثبوت موجود ہے۔ لیکن مجھے یہ جان کر دکھ ہوا کہ کل بھارتی پارلیمنٹ میں یہ بات کہی گئی کہ ہندوستان کے وزیر لوٹا سنگھ

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

اور جناب راجیو گاندھی، وزیر اعظم ہندوستان، پر قاتلانہ حملے کی سازش پاکستان کے اندر تیار کی گئی۔ میں آج یہ بات اس ایوان کو اعتماد میں لیتے ہوئے آپ تک پہنچانا چاہتا ہوں، میرا خیال ہے کہ چونکہ انہوں نے یہ بات پارلیمنٹ میں کہی تھی، اور میں یہ بات یہاں سے کہہ رہا ہوں کہ پاکستان اس قسم کی سیاست میں اور اس طرح دوسرے ملکوں میں مداخلت کرنے کی نہ تو ضرورت محسوس کرتا ہے اور نہ ہی اس قسم کی پالیسی کو پسند کرتا ہے۔ جو چیز ہم اپنے لیئے پسند نہیں کرتے وہ چیز ہم کسی اور کیلئے بھی پسند نہیں کرتے اس لیئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ہم پر الزام ہے یہ صریحاً بے بنیاد ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ نہ صرف ہندوستان کے ساتھ اچھے تعلقات کی خواہش رکھتے ہیں، بلکہ ہندوستان سے اچھے تعلقات پاکستان کی ایک ضرورت بھی ہے لیکن یہ ضرورت ہم ہر قیمت پر حاصل کرنے کے لیئے تیار نہیں ہیں۔ ایک ہے ہماری خود مختاری اور آزادی کی بات .... ان کے ساتھ مساوی سلوک کی بات، ہمارے اقتدار اعلیٰ کی بات، اس پر تو سمجھوتہ ہو نہیں سکتا اگر پاکستان نے کسی کی بالا دستی قبول کرنی ہوتی تو پھر پاکستان کے وجود کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ یہی لوگ تھے جو ہندوستان کا حصہ تھے۔ اس سے علیحدہ ہونے کی وجہ ہی یہی تھی کہ ہم کسی اور قوم کی بالا دستی قبول کرنے کو تیار نہیں تھے۔ اور وہی قوم جو ہے، اس وقت وہاں حکمران ہے۔ وہاں جو مسلمانوں کی حالت ہے، اس پر اگر کوئی بات کریں تو ان کو یہ بات ایسی لگتی ہے کہ جیسے ہم ان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کر رہے ہیں۔ یہاں پاکستان کے اندر جتنی اقلیتیں

ہیں، ان کا تحفظ حکومت پاکستان، اپنی ذمہ داری سمجھتی ہے۔
پچھلے سال کچھ unfortunate واقعات سندھ کے اندر ہوئے تھے، جس کا حکومت پاکستان نے فوری نوٹس لیا تھا۔ میں توقع کرتا ہوں کہ ہندوستان کی قیادت بجائے ہم پر الزام لگانے کے، ہم سے بات کرے گی۔ ہم ان کو ہر قسم کی تسلی دینے کے لیئے تیار ہیں۔ ہماری یہ خواہش اور ضرورت ہے کہ ہندوستان کے ساتھ بہترین قسم کے تعلقات ہوں، ہم پر امن ہمسایوں کی طرح رہنا چاہتے ہیں۔ لیکن ہندوستان کو یہ بات ذہن سے نکال دینا ہوگی کہ پاکستان پر کسی قسم کی بالا دستی قائم کی جا سکتی ہے۔ پاکستان کے عوام، کبھی بھی اور کسی بھی حالت میں اس بات کے لیئے تیار نہیں ہوں گے۔

جناب والا! میں آپ کا مشکور ہوں اور آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس بحث کو سمیٹنے کا موقع دیا۔ میرے چالیس منٹ بھی تقریباً پورے ہونے والے ہیں جو آپ نے مجھے دیئے تھے۔ اس موشن پر بحث کے دوران مجھے بہت سی باتیں ملی ہیں۔ جو تجاویز میں نے ہاؤس کے سامنے رکھی ہیں، یہ کوئی سرکاری طور پر نہیں ہیں میں نے یہ وزیر کی حیثیت سے باقاعدہ move نہیں کی ہیں، یہ ساری باتیں میں نے ایک پاکستانی کی حیثیت سے آپ کے سامنے کی ہیں۔ یہ اب اس معزز ایوان کا حق ہے کہ وہ ان پر غور کرے اور ان کی جو رائے ہوگی، وہ میرے لیئے حکم کا درجہ رکھتی ہے۔ میں آپ کا اور تمام ممبران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔

<u>جناب چیئرمین :</u> بہت بہت شکریہ۔ جناب جاوید جبار صاحب،

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, may I draw your attention to Rule 207 and request the opportunity to make a brief reply to the presentation by the Minister ?

**Mr. Chairman :** I think, after a statement by the Minister, unless you move a separate motion. . . .

**Mr. Javed Jabbar :** No, Sir. Under Rule 207, the mover of a motion has the right of reply to conclude the debate. Please check it.

**Mr. Chairman :** This is not correct. I had made it very clear that as far as the adjournment motions are concerned, they have been finished ; they are dead and gone now.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, when the subject is alive, then.......

**Mr. Chairman :** The subject is alive, that is quite true. But if you want to discuss whatever the Minister has said you have to move a separate motion on that. In that, the Minister's statement can be debated.

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, here are a few points which I thought might need his further clarification. I mean, I am not going to try to delay the proceedings of the House but because this is the subject that has a vital interest to all the people.

**Mr. Chairman :** That is quite true but then you can move that the Minister's statement should be debated or discussed separately and for that you will have to give a notice.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : پوائنٹ آف آرڈر، جناب وزیر داخلہ کی تقریر سن کر بڑی خوشی ہوئی ہے۔ پچھلے تین سالوں سے، جب سے یہ وزیر داخلہ تھے، سندھ کی صورت حال کو کافی سمجھ رہے تھے۔ اس کے بارے میں انہوں نے کافی باتیں کی تھیں۔ لیکن بات یہ ہے کہ سندھ میں اب بھی .... میں اسے ایک مرتبہ پھر دہرا رہا ہوں کہ اس طرح کے حالات (پاکستان کے خلاف) پیدا کس نے کیئے۔ جب یہ کمیٹی وہاں جائے اور یہ وہاں دیکھے .... کیونکہ آج بھی تین صوبوں میں لوکل گورنمنٹس ہیں۔ وہاں کے لوکل چیف منسٹرز ہیں، وہاں کے

لوکل گورنرز ہیں ، ہمارے پاس آج بھی گورنر ، ریٹائرڈ جنرل بھیج دیا گیا ہے ۔ اس سے پہلے جنرل جہانداد صاحب تھے ،

جناب چیئرمین: یہ باتیں میرے خیال میں کل ہوئی تھیں ۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب میں یہ عرض کرتا چلا جاؤں کہ اس طرح کے حالات پیدا کرنے کے لیئے ایک جواز تھا ۔ جب وہاں یہ کمیٹی جائے تو یہ دیکھے کہ وہاں اس طرح کی odd treatment کیوں دی جا رہی ہے ۔

جناب چیئرمین: ان حالات پر آپ نے کل تفصیلاً روشنی ڈالی تھی ، سوال یہ ہے اور میں وزیر صاحب سے بھی میں درخواست کروں گا کہ وہ کمیٹی جو تجویز کر رہے ہیں ، اس کے متعلق کیا کیا جائے

ملک نسیم احمد آہیر: میں آپ سے گزارش کرنیوالا تھا کہ از راہ کرم اگر ایوان کو یہ بات منظور ہو ، تو آپ یہ کمیٹی خود constitute کر دیں اور حکومت ان کو ہر قسم کی سہولت مہیا کرنے کیلئے تیار ہوگی ۔۔۔۔ اس کام کو top priority پر کیا جائے چونکہ سندھ اس وقت جل رہا ہے اور ہمیں وہاں پہنچ کر اس آگ کو ٹھنڈا کرنا ہے ۔

جناب چیئرمین: بہتر تو یہ ہوتا کہ اگر کمیٹی خود اپنے نمائندول کو منتخب کرلے ۔

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, while the formation of the Committee is a welcome move we must be careful that a Senate Committee does not become a scape-goat or a substitute for executive action. A Senate Committee can only do investigative work, recommendatory work but it can also create the illusion that the Senate is responsible for any deterioration in the situation or improvement after today which is not so. So, I mean, the mandate of the Committee ; the terms of reference of the Committee should be spelt out.

**Mr. Chairman :** This is exactly what I meant.

ملک نسیم احمد آہیر: میں نے ان پر کسی قسم کی administrative responsibility نہیں ڈالی۔ میں نے ان کو کہا ہے کہ آپ وہاں جائیں۔ سندھ کے ان تمام حضرات سے ملیں جو اس وقت اس صورتِ حال کو ٹھنڈا کرنے کے لیئے کوئی اہم رول ادا کر سکتے ہیں۔ normalcy لانے کے لیئے اور جہاں تک انتظامی امور کا تعلق ہے۔ حکومت اپنی ذمہ داری پوری طرح سنبھالے گی۔ اور اس سلسلے میں سینیٹ پر کسی قسم کی کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی۔۔۔ ہاں اگر آپ کوئی خاص action recommend کریں گے تو ہم انشاءاللہ وہ بھی کریں گے لیکن اس وقت جو اس کمیٹی کا رول ہے، وہ صرف یہ ہو گا کہ یہ سندھ کے تمام رہنماؤں سے ملیں گے کہ سندھ کی صورت حال کو نارمل کرنے کے لیئے کیا کرنا چاہیئے اور اس آگ کو ٹھنڈا کرنے میں یہ ہماری مدد کریں گے۔ آپس میں مل بیٹھنا، میرے خیال میں، معاملات کو ٹھنڈا کرنے کے سلسلے میں پہلا قدم ہوتا ہے۔ اس لیئے میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ اس کا رول صرف اس حد تک ہو گا کہ وہ سیاسی عمل کے ذریعہ سے اس صورت حال کو نارمل کرنے میں مدد فرمائیں گے۔

جناب چیئرمین: اس سلسلے میں آہیر صاحب اگر دو باتوں کی وضاحت ہو جائے تو بہتر ہے، ایک تو کمیٹی کے terms of reference جو ہوں گے، وہ آپ خود ڈرافٹ کر لیں۔ یہ کوئی ذمہ داری کی بات نہیں ہے کہ سینیٹ اس کی ذمہ داری لے گا۔ لیکن یہ ایک تجویز ہے کہ اگر اس سے صورت حال بہتر ہو سکتی ہے، تو اس پر عمل کیا جائے۔

دوسری بات یہ ہے کہ آپ اگر مختلف گروپوں کو جو یہاں پر موجود ہیں، ان سب کو اور تمام صوبوں کو نمائندگی دیتے ہوئے، آپ ممبران کو بھی سلیکٹ کریں - یعنی ان میں جو زیادہ politically active ہیں - ان کو لے لیں۔

ملک نسیم احمد آہیر: جناب چیئرمین! میرا خیال ہے کہ تمام ہاؤس کو آپ پر زیادہ اعتماد ہے - آپ اس صورت سے زیادہ باخبر ہیں۔

جناب چیئرمین: terms of reference پھر مجھے دے دیں کہ کیا کریں -

ملک نسیم احمد آہیر: terms of reference تو سر، یہی ہیں کہ وہ لوگوں سے مل کر ان کی جو جائز تکالیف ہیں، جو ان کو grievances ہیں، ایک دوسرے سے، وہ جائیں، پھر ان کو اکٹھا کر کے اگر ہم کسی مسئلہ پر پہنچ سکتے ہیں تو بہتر ہو گا - اس سلسلے میں سیاسی کارکن کی حیثیت سے جو ان کا رول ہے، وہی ان کا رول ہونا چاہیئے -

جناب اعجاز علی خان جتوئی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب،

جناب چیئرمین: جی فرمایئے -

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب! بات یہ ہے کہ میں نے سینیٹ کی کمیٹی کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا تھا کہ وہاں جو حیدرآباد میں اور باقی سندھ میں recent riots ہوئے ہیں ان کی ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے ججوں سے تحقیقات کروا کر، اصل مجرم جو ان واقعات میں ملوث ہیں،

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

ان کو قانون کے سامنے لایا جائے، قانون کے مطابق ان کو سزا دی جائے۔ یہ ٹھیک ہے کہ سینیٹ کی کمیٹی بنائی جائے، میں سمجھتا ہوں کہ وہ وہاں جاکر political situation کا حل تو نکال سکتی ہے لیکن اگر معاملہ کی تحقیقات کروانی ہے تو اس میں ججوں کو بیچ میں ضرور لانا ہے۔

جناب چیئرمین: جہاں تک اس بات کا تعلق ہے۔ اس پر آہیر صاحب آپ روشنی ڈال سکتے ہیں کہ کیا آپ اسے اپنے ذمہ لے سکتے ہیں یا اسے صوبائی معاملہ تصور کرتے ہیں اور اسے صوبے کے سپرد کرتے ہیں۔

ملک نسیم احمد آہیر: اس سلسلے میں، میں یہی کہتا ہوں کہ جب یہ کمیٹی وہاں جائے گی تو اس کی یقیناً ملاقات گورنر سندھ سے بھی ہوگی۔ جن باتوں کا تذکرہ جناب جتوئی صاحب نے کیا ہے، ان کے متعلق گورنر سندھ سے بھی بات کی جا سکتی ہے۔ جو تکالیف اور مطالبات ان کے ہیں ان کو کمیٹی اپنی شکل میں ان تک پہنچا سکتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ صوبائی حکومت بھی ان کے ساتھ پورا تعاون کرے گی۔ ان کی بات پوری توجہ سے اور پوری دلچسپی سے سنے گی اور اس پر انشاءاللہ عمل کرنے کی بھی کوشش کرے گی۔ جہاں تک ججوں سے انکوائری کروانے کا تعلق ہے تو یہ ایک صوبائی معاملہ ہے۔ میرا خیال ہے کہ ہم یہ معاملہ صوبائی حکومت پر چھوڑ دیتے ہیں۔ اس کمیٹی پر یہ کوئی پابندی نہیں ہوگی کہ یہ صوبائی حکومت سے اس بات کا مطالبہ نہیں کر سکے گی۔ اگر یہ ضرورت سمجھیں گے تو اس کا مطالبہ کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: اس کمیٹی کا رول ایک سیاسی افہام و تفہیم کا ہے۔

ملک نسیم احمد آہیر: جی افہام و تفہیم کا،

جناب چیئرمین: جو انکوائری ہے وہ تو اپنی جگہ پر ہو رہی ہے،

ملک نسیم احمد آہیر: اسے آپ "افہام و تفہیم" کی کمیٹی کہیئے۔ اور اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے کہ چونکہ سندھ سے متعلق بات ہے، باقی صوبوں سے آپ بے شک، دو، دو ممبران کو لے لیں لیکن اگر سندھ سے زیادہ سینیٹرز کو لے لیا جائے تو میرے نزدیک زیادہ بہتر ہو گا۔ اس میں Urdu speaking class کے بھی نمائندے ہونے چاہیئں۔ اور جو....

جناب جاوید جبار: جناب آپ اس basis پر نہ کریں۔

I am sorry. Don't divide people by language. One Pakistan.

*(interruption)*

**Mr. Chairman :** No, No, I think, that is not so.

ملک نسیم احمد آہیر: میں نے تو آپ کی بڑی تعریف بھی کی ہے اور تائید بھی کی ہے۔

**Mr. Chairman :** Right.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: اس سلسلے میں جناب میں عرض کروں کہ ٹھیک ہے یہ پراونشیل matter نہیں ہے۔ ہم نے تب ہی تو فیڈرل گورنمنٹ سے یہ اپیل کی تھی کہ وہ مداخلت کرے کیونکہ وہاں ہمیں انصاف ملنے کی کوئی امید نہیں ہے....

جناب چیئرمین: میں عرض کرتا ہوں کہ اگر یہ کمیٹی بنتی ہے اور وہاں جاتی ہے جو حالات کا جائزہ لیتی ہے، جو پولیٹیکل لیڈر ہیں، جو پبلک کے لیڈر ہیں opinions ان سے افہام و تفہیم کی بات کرتے ہیں۔ grievances معلوم کرتے ہیں، ان سے تجاویز مانگتے ہیں کہ کس

چیئر پر۔ وہ اگر ان کو acceptable ہے تو پھر فائنل رپورٹ اس ایوان میں پیش ہو گی۔ پہلے حالات کا تو پتہ چلے۔ ان کو کہ انکوائری کوئی ہو رہی ہے یا نہیں ہو رہی۔ پولیس کے حوالے ہے یا کوئی اور اس میں دخل درمعقولات کر رہا ہے۔ انہی حضرات سے وہ پوچھے کہ کیا اس کی ضرورت نہیں ہے کہ یہ جو انکوائری کا level ہے یہ ہائی کورٹ تک لے جایا جائے یا کسی اور لیول تک۔ تو وہ سب چیزیں آ جائیں گی۔ میرا خیال ہے کہ جو وزیر صاحب نے تجویز دی ہے اب اس پر اگر ہاؤس یہ اجازت دیتا ہے تو میں نام تجویز کر دیتا ہوں۔ اور میں آپ کے سامنے پھر وہ نام بھی پیش کر دوں گا۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: آپ کو اختیار ہے جناب آپ بالکل نام تجویز کریں ....

جناب چیئرمین: یعنی اس کمیٹی کا رول، نہ اس کی ذمہ داری ہے یہ صرف ایک سیاسی افہام وتفہیم ہی کی کمیٹی ہو گی۔

جناب جہانگیر شاہ: جناب عالی میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ سندھ کے حالات ایسے نہیں ہیں جو پوشیدہ ہیں۔ ۱۹۴۷ء سے پہلے سے لیکر آجتک ایک ایک نکتے کا پتہ ہے۔ بات یہ ہے کہ جو کمیٹی وہاں جائے یہ ہائی پاورڈ ہونی چاہیئے۔ جب ہم وہاں کے حالات کا تفصیلی تجزیہ کریں تو اس کے لیئے حل بھی پیش کریں۔ پھر حکومت کو اس پر عمل کرنا چاہیئے۔ بے شک یہ رپورٹ سینیٹ میں پیش ہو، اس پر بحث ہو۔ لیکن ایسا نہ ہو کہ ہم صرف وہاں جاکر جی۔ ایم۔ سید

سے ملیں ۔ ہم کو پتہ ہے کہ جی ایم سید کل کیا تھا، اب کیا ہے، کیوں ہے ۔ یہ ہم سب کو پتہ ہے ۔ ۔۔۔

جناب چیئرمین : یہ کمیٹی سینیٹ کی ہو گی ۔اور اس کا ٹائم آپ مقرر کریں ۔ ایک مہینہ ، دو مہینہ جتنا آپ چاہتے ہیں اس کے بعد جو رپورٹ آئے گی وہ آپ کے سامنے آئے گی ۔

I think we have done enough as far as this particular subject is concerned. We can move now to the next item.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب چیئرمین ! جو کمیٹی آپ تشکیل دے رہے ہیں اور وہ وہاں جا رہی ہے اس کے لیئے کوئی time limit ہو، کوئی رپورٹ پیش کرنے کا وقت مقرر ہو ۔

جناب چیئرمین : وہی تو میں عرض کر رہا ہوں ۔ میرے خیال میں ذرا ہم ایک دوسرے کو سن نہیں رہے ۔ میں نے یہی عرض کیا کہ اس کے لیئے کوئی time limit بھی مقرر کرنا ہو گا ۔ ایک مہینہ ، دو مہینے جو کچھ آپ مناسب سمجھتے ہیں اور اس کے لیئے یہ بھی خیال رکھتے ہوئے کہ اگر اس سیشن نے continue ہونا ہے تو ممکن ہے اگر ۸ ، ۱۰ یا ۱۲ ، آدمیوں کی کمیٹی ہے جو ہم یہاں سے بھیج دیں تو پھر اجلاس کی کارروائی بھی کس طریقے سے چلنی چاہیئے ، یہ آپ نے خیال رکھنا ہو گا ۔ تو جو آپ مناسب سمجھتے ہیں کہ کتنا ٹائم ہونا چاہیئے وہ ہم اس میں لکھ دیں گے اور اس ٹائم میں وہ رپورٹ آئے گی ۔

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, will you give the names at the next sitting of the Senate?

**Mr. Chairman:** Well, may be a day or two later but by the next week, *Insha-Allah.* At the time you (addressing Malik Naseem Ahmed Aheer) can also tell me the time limit in which the Committee should report back to the House.

## DISCUSSION ON ADJOURNMENT MOTION RE: HAVOC CAUSED BY RAINS AND FLOODS ALL OVER THE COUNTRY

**Mr. Chairman:** We take up the next item then on the situation arising out of recent rains and floods causing widespread devastation and extensive damage to life and property all over the country.

اس پہ اور کوئی حضرات بولنا چاہتے ہیں یا ہم سب نے تجویز یہی دی تھی کہ وزیر صاحب comprehensive report دے دیں گے کہ کیا نقصان ہوا ہے اور اس کے متعلق حکومت مختلف علاقوں میں کیا کر رہی ہے۔

جناب شاد محمد خان: جناب بولنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: ہاں، بولنا چاہتے ہیں تو بولیں۔

This was an adjournment motion which was admitted.

جناب شاد محمد خان: جناب چیئرمین صاحب! آئے دن یہاں طرح طرح کی ایڈجرنمنٹ اور پریویلج موشنز بھی آتی ہیں کہیں Border violation ہوتی ہے کہیں internal problems ہوتے ہیں۔ لیکن کیا آج جن حالات سے سارا پاکستان دوچار ہے وہ سیلاب کی صورتحال ہے۔ حضور والا! اگر اخبارات کے تراشے اکٹھے کیے جائیں تو جگہ جگہ سے یہ خبریں آتی ہیں کہ میدانی علاقے کے کئی گاؤں اجڑ گئے، فصلیں تباہ ہو گئیں، راستے مسدود ہو گئے۔ پہاڑی علاقوں میں میلوں تک سڑکیں بہہ گئیں۔ نالوں میں طغیانی آنے کی وجہ سے کئی مکان گر گئے اور ہزاروں کی تعداد میں لوگ مر گئے۔

حضور والا! اگر ہم اوجڑی کیمپ کے سانحہ کو قومی لیول پہ لیتے ہوئے prompt action کرتے ہیں اور فی الفور ان لوگوں کے دکھ کا مداوا ہونا ہے اور انہیں معاوضہ ملتا ہے تو کیوں نہ حکومت فی الفور

ہنگامی بنیادوں پر war footing پر اقدامات کرے تاکہ ان لوگوں کو جو اس سانحہ سے دوچار ہوئے ہیں اور جن کا کافی مالی، جانی نقصان ہوا ہے، مویشیوں کا نقصان ہوا ہے اور انسانی جانیں ضائع ہوئی ہیں، ان کے لیئے کیوں نہ حکومت بروقت اقدام کرے اور اپنی پالیسی کی وضاحت اس فلور پہ کرے، اور فی الفور فلڈ ریلیف کمیشن کو فعال بنائے تاکہ وہ جگہ جگہ جاکر حالات کا جائزہ لیکر ایسے اقدامات تجویز کرے کہ ان لوگوں کی مدد ہو سکے اور انکی تسلی و تشفی ہو سکے۔ شکریہ!

جناب اعجاز علی خان جتوئی: شکریہ جناب چیئرمین! میں صرف مختصراً عرض کروں گا کہ اس وقت flood affected سے صوبے تقریباً دو ہیں۔ ایک تو پنجاب ہے دوسرا سندھ ہے.....

جناب چیئرمین: آج کا اخبار آپ نے نہیں پڑھا؟.....

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب فرنٹیئر میں بھی ہے۔ لیکن وہاں سے شروع ہو کر پنجاب سے ہوتا ہوا سندھ میں آتا ہے۔ بات یہ ہے کہ ان دونوں صوبوں کے لیئے خصوصاً اور دیگر صوبوں کے لیئے بھی جتنا ریلیف ممکن ہو سکے دینا چاہیئے۔ فرنٹیئر میں بھی اقدامات کیئے جا رہے ہیں اور پنجاب میں بھی، کل میں ٹی۔ وی پر دیکھ رہا تھا کہ کچھ پل ایسے ہیں جو بہہ گئے ہیں۔ اب جیسے دادو مورو پل ہے اس پر بہت زیادہ pressure ہے۔ پنجاب میں کل میں ٹی۔ وی پر دیکھ رہا تھا کہ چیف منسٹر صاحب نے کچھ آفیسرز کو معطل کیا ہے کہ جو وہاں پل بہہ گیا ہے وہ ان کی نااہلی کی وجہ سے بہا ہے۔ اسی طرح وہاں دادو مورو پل کی بھی جو strategy بنائی گئی تھی وہ wrong تھی۔

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi].

اس طرح pressure ہمارے دادو side پر زیادہ پڑ رہا ہے۔ چونکہ انہوں نے way out کے چھوٹے چھوٹے culverts نہیں بنائے تو آج وہاں پر حالت یہ ہے کہ جو پل پچھلے ۸، ۱۰ سالوں میں flood میں نہ بہہ سکے وہ بھی ڈوب گئے ہیں کیونکہ پانی صرف نکلتا ہی پل سے ہے۔ سائیڈ میں انہوں نے کچھ نہیں بنایا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پنجاب میں اس طرح کا ایکشن لیا گیا ہے تو سندھ میں بھی اس طرح کا ایکشن لے کر انکوائری کرائی جائے اور دیکھا جائے کہ وہاں پانی کا wayout کیوں نہیں بنایا گیا تاکہ پانی نکل سکے۔ وہاں پر جو ریلیف ہے جو ابھی تک وہاں available ہے وہ نا کافی ہے اس میں، میں عرض کروں گا کہ جتنا تیز ہو سکے، کیونکہ کافی لوگ بے گھر ہو چکے ہیں کچے کا پورا ایریا، سکھر سے لیکر سیہون تک لوگ بے گھر ہو چکے ہیں۔ وہ باہر میدانوں میں بیٹھے ہیں تو ان کو جتنی جلد ممکن ہو سکے امداد دی جائے شکریہ!

سید عباس شاہ: flood کی جو پوزیشن بتائی گئی ہے اور جیسے اخباروں سے بھی ظاہر ہے کہ سارا پاکستان اس کی لپیٹ میں آ چکا ہے۔ اور اس سال کے متعلق جو موسمی رپورٹس ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ آئندہ چند روز تک حالات مزید خراب ہو جائیں گے۔ جتوئی صاحب نے اپنے علاقے اور پنجاب کا ذکر کیا اور میں یہ خواہش ظاہر کروں گا کہ چھٹی کے دن اگر جتوئی صاحب تیار ہوں تو میں انکو ہزارہ، ڈیرہ اسماعیل خان اور بنوں جو کہ بڑے قریبی علاقے ہیں وہاں پہ لے جاؤں پچھلے سال ہم نے ٹوچی اور کرم دریاؤں پر کافی بند باندھے تھے

اور اس سال flood کی intensity اتنی high تھی کہ جو سات آٹھ بند باندھے تھے تو اس کے باوجود بنوں کی زرخیز زمین جو بڑی کم ہے اس کا زیادہ حصہ دریائے کرم بہا لے گیا ہے ۔ پاکستان گورنمنٹ اور فلڈ کمیشن کام تو emergency level پر کرتے ہیں لیکن میں یہ سمجھوں گا کہ جو تباہی ہمارے اس limited area میں ڈیرہ اسماعیل ٹانک ، بنوں اور کاغان ہزارہ ویلی میں ہوئی ہے اور جو damages ہو رہے ہیں یہاں پر ایمرجنسی لیول پہ rehabilitation work کرنا چاہیئے اور بچاؤ کے لیئے جلد از جلد حکومت کو ایکشن لیناچاہیئے تاکہ قومی نقصان کو کم سے کم کیا جا سکے ۔ اس وقت میں اس حق میں نہیں ہوں کہ کسی آفیسر کو suspend کیا جائے اس کو اس وقت جناب استعمال کریں ۔ معطل کرنے کے لیئے پھر ہمارے پاس پورا سال باقی ہے اگر کسی ڈیزائن کی وجہ سے یا کسی کمزوری کی وجہ سے یا تعمیراتی میٹریل کم استعمال کرنے کیوجہ سے ہم ان لوگوں کو جو کہ تجربہ کار ہیں وہاں سے ہٹائیں تو میرے خیال میں یہ اس وقت سود مند نہیں ہو گا میری تجویز یہ ہے کہ انہیں لوگوں کو استعمال کیا جائے ۔ اس کے بعد اگر کوئی بے قاعدگی ہے تو اس کا نوٹس لیا جائے مورو بند کا ذکر ہو رہا ہے ، پنجاب میں جو نواز شریف صاحب نے ایکشن لیا ہے وہ ایکشن صرف playing to the gallery or playing to the press لوگوں کو خوش کرنے کے لیے ہے کہ جی افسروں کو ہم نے suspend کردیا ۔ یہ تو اس کے بعد پتہ چلے گا کہ کیا ہے ۔ میں کہہ سکتا ہوں کہ کوئی وزیراعلیٰ یا اور as an engineer

[Syed Abbas Shah]

کوئی شخص بھی ایک منٹ میں یہ نہیں کہہ سکتا ہے کہ یہ انجنیئر کا قصور ہے ۔ اس کے لیئے باقاعدہ انکوائری ہونی چاہیئے اور ان لوگوں کو آج encourage کرنا چاہیئے ۔ کیونکہ وہ چوبیس گھنٹے ڈیوٹی دے رہے ہیں فلڈ کے پیریڈ میں سارے آفیسر یا انجنیئرز چوبیس گھنٹے ڈیوٹی دیتے ہیں تو انکو encourage کیا جائے اور اس میں جو کمی ہو اس کے لیئے پورا سال باقی ہے ۔ شکریہ !

جناب چیئرمین : جناب قاضی صاحب !

قاضی عبداللطیف : جو کچھ انہوں نے فرمایا میں اس کا اعادہ نہیں کروں گا ۔ بس اتنی گزارش ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں اس فلڈ سے کافی نقصانات ہوئے ہیں، اموات بھی ہوئی ہیں ۔ کافی دیہات بہہ گئے ہیں خصوصیت سے ڈیرہ اسماعیل خان ژوب سڑک جو درابند کی سڑک کہلاتی ہے یہ صرف آج نہیں بلکہ کئی سالوں سے اسی زد میں ہے ۔ اور ہمیں تعجب اور حیرانی ہے کہ نہ تو پی ڈبلیو ڈی اور نہ متعلقہ محکمہ اس کی طرف کبھی توجہ کرتا ہے ۔ اس سڑک پر جو رابطہ ہوتا ہے وہ بلوچستان سے بھی ہوتا ہے اور علاقہ شیرانی قبائل سے بھی ہوتا ہے ۔ اس دفعہ بھی تقریباً ڈیڑھ ماہ سے وہاں کھتی کے پاس ایک پل ہے وہ خطرے میں تھا لیکن محکمہ متعلقہ نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں کی ۔ جیسا کہ وہ بہہ گیا ہے اور یہ خدا کا احسان ہے کہ اس سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ورنہ یقیناً خطرہ تھا کہ اس سے جانی نقصانات ہوتے ۔ میری تجویز یہ ہے کہ ہر علاقے کے سینیٹر اور عملے کے ساتھ مل کر ان کی نگرانی کریں

اور وہاں اس کی تحقیقات کر کے ایک رپورٹ مہیا کی جائے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ میں شاہ صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ میں نے deliberately فرنٹیئر کا نام نہیں لیا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں کوئی غلط فہمی نہیں ہوئی ہے۔ اس کی ضرورت نہیں ہے۔

(مداخلت)

نوابزادہ جہانگیر شاہ: جناب عالی! میں زیادہ بات نہیں کروں گا۔ یہ ایک دستور بن گیا ہے کہ جہاں بھی کچھ ہو جائے وہاں حکومت سے compensation مانگی جاتی ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ ایک کمیٹی بنائیں جو ان تمام نقائص کی نشاندہی کرے۔ جس کی وجہ سے یہ نقصانات ہوتے ہیں۔ ہم نے خود دیکھا ہے کہ bridge بناتے وقت statistics بھی مہیا نہیں ہوتے کہ اس نالے یا دریا سے کتنے کیوسک پانی کس وقت گذرتا ہے۔ وہ پل بنا لیتے ہیں دس کیوسک کا اور پانی آ جاتا ہے سو کیوسک۔ اصل میں چیز یہ ہے کہ اس کے متعلق جب بھی کوئی انکوائری ہو تو وہ سارے پوائنٹس کو دیکھے کہ پلاننگ میں کون کون سی خامیاں ہیں پلاننگ ایسی ہونی چاہیئے کہ آئندہ کے لیئے سو سال کے بعد، پچاس سال کے بعد ہمارے دریاؤں کا رخ یا ہمارے پانی کا بہاؤ یا یہ سالانہ اوسط جو دی جاتی ہے یہ اعداد و شمار باقاعدہ رکھنے چاہئیں۔ اور پلاننگ صحیح ہو تو انشاء اللہ پھر سیلابوں سے نقصان نہیں ہو گا۔

جناب محمد طارق چوہدری : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - جناب چیئرمین پاکستان کی تاریخ کا سب سے بدترین سیلاب ۱۹۷۳ء میں آیا تھا اور اس وقت بے شمار جانی اور مالی نقصان ہوا - اس دفعہ جو سیلاب آیا ہے اس کے پانی کی نکاسی بعض جگہوں پر ۷۳ء کے سیلاب سے بھی زیادہ تھی لیکن ۷۳ء کے بعد سیلاب کی روک تھام کے لیے جو اقدامات کئے گئے ہیں اس کے نتیجے میں اس دفعہ بہت کم نقصان ہوا ہے لیکن پھر بھی کوئی ایک چوتھائی پنجاب، اور سندھ، سرحد اور بلوچستان کے بعض علاقے پانی کی زد میں ہیں - اور یہ مالی اور جانی نقصان جو سیلاب سے ہوا ہے اگرچہ وہ ۷۳ء کے مقابلے میں کم ہے لیکن وہ اوجڑی کیمپ سے کہیں زیادہ ہے - بہرحال - مالی اور جانی نقصان بہت زیادہ ہوا ہے اور بہت سے لوگ بے گھر ہوئے ہیں، ان کے مویشی مارے گئے ہیں، ان کے بچے ہلاک ہوئے ہیں، پورے کے پورے دیہات مٹ گئے ہیں، باغات اجڑ گئے ہیں، فصلیں تباہ ہوئی ہیں یہ سارا کچھ ہو چکا ہے سیلاب کی زد میں آنے والے زیادہ تر دیہاتی علاقے ہیں اور دیہاتی علاقے کے لوگ اتنا شور نہیں ڈالتے، ہنگامہ نہیں کرتے، آگ نہیں لگاتے، جلوس نہیں نکالتے - اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی طرف پوری طرح توجہ نہیں دی جاتی -

اب سیلاب کی تباہ کاری سے جہاں ہفتوں سے پانی کھڑا ہوا ہے وہاں بیماریاں پھوٹ پڑنے کا اندیشہ ہے - جن لوگوں کی املاک تباہ ہو گئی ہیں - جن لوگوں کے مکانات بہہ گئے ہیں - جن لوگوں کے مال مویشی مارے گئے ہیں جن لوگوں کے بچے ہلاک ہو گئے ہیں تو بہرحال وہ بھی اسی طرح ہماری امداد کے مستحق ہیں جس طرح شہروں کے لوگوں کو اگر نقصان ہوتا ہے تو ان کی

فوری امداد کے لئے ہم فوری طور پر پہنچتے ہیں ۔ میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے جتنے تیز اور جتنے وسیع اقدامات کیئے جانے چاہیئے تھے وہ نہیں ہو رہے ہیں اور ان لوگوں کے دکھ اور درد میں شریک ہونے کے لیئے جتنی کوششوں کی ضرورت ہے۔ وہ مقابلتاً بہت ہی کم ہوئی ہیں ۔ لہٰذا ان کو بیماریوں سے بچاؤ کے لیئے اور جن کا مالی نقصان ہوا ہے ان کا مالی نقصان پورا کرنے کے لیئے ، جن کی فصلیں تباہ ہوئی ہیں ان کی مدد کی جائے ۔ اس علاقے کو آفت زدہ علاقہ ڈکلیئر کیا جائے۔ لوگوں کے قرضے وغیرہ معاف کیئے جائیں ۔ نئی فصلوں کو بونے کے لیئے ان کی مدد کی جائے اور جو لوگ ہلاک ہو گئے ہیں ان کے ورثا کو معاوضہ دیا جائے ان کی تسلی و تشفی کی جائے ۔

جناب چیئرمین : بہت بہت شکریہ ! جناب ۔

جناب امیر عبداللہ خان روکھڑی : جناب چیئرمین صاحب ! میری گزارش اتنی ہے کہ اس وقت جو فلڈ آیا ہے صرف دریاؤں میں ہی نہیں ہے ساتھ بارش بھی شامل ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اس میں کوئی صوبہ بچ گیا ہے۔ خاص طور پر میں میانوالی ضلع کا ذکر کروں گا کیونکہ میانوالی ایک ایسی جگہ پر واقعہ ہے کہ دریائے سندھ جس وقت میدانی علاقے میں داخل ہوتا ہے تو پہلے پہلے اس کی زد میں میانوالی کا ضلع آتا ہے ۔ وہاں اس کا پارٹ کوئی ۱۴ میل ہے یا ۱۶ میل ہوگا جناب عالیٰ ! اس وقت تمام کے تمام ضلع بھکر کا صفایا ہو گیا ہے۔ لوگوں کی زمینیں آباد تھیں، وہاں لوگوں کی فصلیں کھڑی تھیں وہ بہہ گئیں، لوگوں کے گھر برباد ہو گئے اور بہت سے لوگ بھی دریا کی نذر ہو گئے

[Mr. Amir Abdullah Khan Rokri]

جناب والا! اسی طرح بکھر ضلع میں کلورکوٹ ایک ایسا مقام ہے جو میونسپل کمیٹی کا ہیڈ کوارٹر بھی ہے اور وہاں بہت آبادی ہے۔ وہ دریا برد ہو رہا ہے، شہر گر رہا ہے اور لوگ دیکھ رہے ہیں۔ ان کا کوئی وارث نہیں بن رہا نہ گورنمنٹ توجہ دے رہی ہیں اور نہ کوئی اور توجہ دے رہا ہے۔

ابھی میرے ایک دوست نے جناب کے سامنے تجویز پیش کی ہے کہ سینیٹ کی کمیٹی بنا دی جائے جیسا کہ پہلے ایک کمیٹی منسٹر صاحب کے کہنے پر جناب بنا رہے ہیں اسی طرح سینیٹ کی بھی ایک کمیٹی بنا دی جائے جو اپنے صوبوں کی مفصل رپورٹ آپ کو پیش کرے کہ کتنے نقصانات ہوئے ہیں کیونکہ شہری آبادی کا جب نقصان ہوتا ہے وہ تو فوراً compensate کر دیا جاتا ہے جیسا کہ میرے عزیز دوست نے ابھی کہا ہے، کہ اوجڑی کیمپ تو ہر ایک کو اجڑا ہوا نظر آتا ہے لیکن باقی جو دیہات اجڑ گئے ہیں وہ دیہاتیوں کے ہیں اور دیہاتی عموماً بے زبان ہوتے ہیں، ان کی نہ کوئی سنتا ہے اور نہ وہ بیچارے اتنا شور مچاتے ہیں کہ ان کی آواز یہاں تک پہنچ جائے۔ اسی طرح میں یہ کہہ دوں جناب کہ جتنے پسماندہ علاقے ہیں۔ ان کی طرف گورنمنٹ کی توجہ بہت کم ہوتی ہے۔ کیوں کہ ان کی آواز نہیں ہوتی وہ بے زبان ہوتے ہیں اور ان کی بے زبانی کی ہمیشہ ان کو سزا ملا کرتی ہے۔ یہاں اگر سروس کا معاملہ آ جائے تو یہ کہا جاتا ہے کہ بھئی یہ قابلیت کی بنا پر لیا جائے لیکن اگر وہاں ایجوکیشن کا مسئلہ آجائے تو اس ضلع میں کسی کو وہ سہولتیں، نہیں دی جاتیں جو لاہور کو دی جاتی ہیں،

جو راولپنڈی کو دی جاتی ہیں۔ جو پشاور کو دی جاتی ہیں، جو کراچی کو دی جاتی ہیں۔ دیہاتوں کی طرف سے کسی مسئلے میں توجہ نہیں دی جاتی اور ہمیشہ اس کو کسی نہ کسی طریقے سے نظر انداز کیا جاتا ہے کیوں کہ وہ بے زبان ہیں، منہ میں زبان ہوتے ہوئے بھی وہ اللہ پر چھوڑ کے صبر کر لیتے ہیں۔ اس لیئے میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ اس فلڈ سے لوگ بہت برباد ہوئے ہیں۔ فلڈ بھی سب سے زیادہ میانوالی اور بھکر ضلعوں میں آیا ہے۔ مہربانی کر کے ایک کمیشن مقرر کیا جائے جو موقع پر جا کر دیکھے کہ ہمارا کتنا نقصان ہوا ہے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: جناب شیخ علی محمد صاحب!

جناب شیخ علی محمد: جناب والا! سیلاب نے پورے ملک کو نقصان پہنچایا ہے، سرحد کو، سندھ کو، پنجاب کو، سندھ کے دو اضلاع خاص طور پر دادو اور خیرپور کچھ حصہ، نواب شاہ کا، وہاں سینکڑوں بڑے بڑے گاؤں ڈوب گئے ہیں، بہت جانی اور مالی نقصان ہوا ہے۔ حال ہی میں لاڑکانہ میں تھوڑا پانی آیا تھا اور ہمارے گورنر صاحب وہاں گئے تھے تو انہوں نے یہ بیان دیا کہ صاحب تمہارا تو کوئی نقصان نہیں ہوا لوگ خواہ مخواہ ہی باتیں کرتے ہیں۔ ہماری جو نوکر شاہی ہے ویسے تو بڑی تیس مار خان ہے لیکن گورنر نے جیسے اعلان کیا بعد میں بڑی ڈرتی ہے اب ہمیں یہ اندیشہ اور خدشہ ہے کہ نوکر شاہی جن اضلاع میں نقصان ہوا ہے۔ ان کی صحیح فگرز نہیں دے گی۔ کہیں گے کچھ نقصان نہیں ہوا، حالانکہ نقصان بہت ہوا ہے لہٰذا میں اس تجویز کی حمایت کرتا ہوں کہ

[Sheikh Ali Muhammad]

نقصان کا جائزہ لینے کے لیئے سینیٹ کے ممبر وہاں جانے چاہیئں۔ سندھ میں ایک بات اور ہوتی ہے کہ جو امداد ہوتی ہے وہ سرکاری ملازم کھا جاتے ہیں، لوگوں کو نہیں ملتی، لہٰذا وہاں کے جو مقامی سینیٹرز صاحبان ہیں مثلاً بابو لطیف صاحب ہیں، خیرپور سے اصغر شاہ ہیں تو ان کو اس کمیٹی میں شامل کیا جائے تاکہ نقصان کا جائزہ بھی لگے اور لوگوں کا جو نقصان ہوا اس پر صحیح امداد ملے ایسا نہ ہو کہ کہیں کہ صاحب کچھ نقصان نہیں ہوا ہے۔ اور امداد نہیں ملنی چاہیئے، شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ، لالیکا صاحب۔

جناب عالم علی لالیکا: جناب چیئرمین! سیلاب کی تباہ کاری ہمارے ملک میں ایک آفت ناگہانی ہے نہ ہی اس میں حکومت کا کوئی دخل ہے نہ ہی اس میں کسی علاقے کے رہنے والوں کا کوئی عمل ہے یہ ایک آفت خداوندی ہے۔ زراعت ایک ایسا غیر منفعت بخش پیشہ ہے جو بمشکل اپنے اخراجات پورے کرتا ہے۔ ۱۹۸۶ء میں میرا ضلع بہاولنگر سیلاب سے بری طرح متاثر ہوا۔ سارا ضلع آفت زدہ قرار دے دیا گیا لیکن ہماری شومئی قسمت یہ ہے کہ قرضہ جات جو ہمارے ذمے تھے وہ مؤخر کیئے گیئے اب اس سال بھی سارے پنجاب میں بارشیں ہوئی ہیں اور عباس شاہ کے بقول فرنٹیئر میں بھی نقصانات ہوئے ہیں تو یہ جو ایک رجحان ہے قرضہ جات کو مؤخر کرنے کا اس کی میں تردید کروں گا۔ اس کے لیئے میں ہاؤس کے توسط سے حکومت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جہاں ایک نقصان ہوگیا ہو زراعت پیشہ آدمی کی سرمایہ کاری تو گئی کیونکہ خدا کو منظور نہ تھی مگر جو کسی نے حکومت سے قرض لیا ہوا ہے اس کو مؤخر کرنے

سے وہ آئندہ فصل میں اسے کیسے پورا کر سکے گا۔ زراعت پیشہ لوگوں کی حوصلہ افزائی، نقصان زدہ لوگوں کی حوصلہ افزائی اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ ان کو کچھ امداد دی جائے اور ان سے جو مطالبات ہیں وہ معاف کر دیئے جائیں۔

**Mr. Chairman :** Mr. Wasim Sajjad.

**Mr. Wasim Sajjad :** Mr. Chairman, the honourable Senators have drawn attention to the extensive damage caused by rains and floods throughout the country. Sir, this is a situation where no doubt very extensive damage has been caused not only as a result of floods but also because of unprecedented rains that we are having with the result that all the four provinces of Pakistan have been affected in one way or the other. The floods have mainly affected the province of Punjab and Sindh and rains, as pointed out by the honourable Senators, have affected the province of Frontier in a considerable manner.

The position Sir, at present, is that Indus is in exceptionally high flood at Guddu, Sukkur and Chashma. Chenab is in high flood at Khanki and Qadirabad and in medium flood at Maralla. Ravi is in high flood at Sidhnai. However, it is gratifying that the biggest peak occurred four days ago at Mithankot where all the rivers meet and the peak now building up is expected to be lower than the previous one. As far as the damage caused by floods is concerned and the details which we have been able to gather so far, the floods have affected about two thousand five hundred villages, one million people, about twenty six lacs acres of land including about six lacs crop area throughout the country. Besides about thirty one thousand houses have been damaged, nineteen thousand houses have been demolished and about 17 hundred heads of cattle have been lost. According to the details Sir, about 158 people have died as a result of this in different parts of the country.

The flood situation now is monitored round the clock at the Federal and Provincial levels and necessary preventive measures are being adopted to save the people from further damage. As the water in the rivers approached the range-mark, the provincial governments started evacuation operations in the areas that were likely to be affected by the flood. In most of the areas people were evacuated before the flood could actually hit these areas. In other areas where the people were affected by rain and flood water they were evacuated by boats. Army was called in aid of the civil administration where it was necessary. So far, 99862 people have been required to be evacuated and shifted to 168 relief camps *i.e.* 130 in Punjab, 37 in Sindh and one in

[Mr. Wasim Sajjad]

NWFP where they are being looked after and being provided the basic necessities of life. The provincial governments have so far spent Rs. 2785 thousand on relief operations. In addition to the efforts of the Government, philanthropic organizations are providing relief assistance in these camps. In order to control spread of epidemics, people have been inoculated and vaccinated in relief camps in flood affected areas. Simultaneously, the provincial governments are conducting survey of the damages caused to life and property for payment of compensation. Sir, as you know the relief to the flood affected people is primarily the responsibility of the provincial government but the Cabinet Division at the Federal level coordinates the relief activities of the provincial governments and provides relief assistance in case the provincial governments are unable to meet the relief requirements of the people out of their own financial resources. So far, the provincial governments have not approached the Cabinet Division for such assistance but the Federal Government will come to the assistance of the provincial governments in case any relief of whatever nature is required by them. The Government is fully conscious of the magnitude of this disaster. Every effort will be made to provide relief to the people affected and every possible assistance will be given by the Government.

The honurable Senators have suggested for the constitution of a House Committee. Sir, I have no objection to the setting up of such a committee and I think, the honourable Senators have full confidence in you, Sir, you may kindly set up such a committee and give them the terms of reference so that the relief operations can be further strengthened and the more details as have been provided by the honourable Senators regarding various areas to which they belong, these can be effectively brought to the notice of the Government and Sir, they can be coordinated and involved in the relief operations if you. so desire and you can make that committee on these lines, Sir. Thank you, Sir.

**Mr. Chairman :** Well. This is for the House to decide but as far as the committee is concerned, I think, it is a very detailed job which probably a committee of the House would not be able to perform effectively. My suggestion would be that individual Senators can report and communicate whatever damages and losses have taken place in a particular area to the provincial government and as a House we can request the provincial governments to take those recommendations and those reports fully into account when deciding issues of compensation, etc.

**Mr. Wasim Sajjad :** That will be okay.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, we could refer it to the Standing Committee concerned with the Cabinet Division which supervises the flood operations.

**Mr. Chairman :** This requires on the spot examination, going from village to village, from river to river. So, what I am suggesting is that we would request the provincial government that Senators belonging to particular areas where flood or rains damage has taken place they should be encouraged to report to the provincial authorities and take their recommendations into account when deciding the question of compenstion, relief etc.

**Mr. Wasim Sajjad :** They should also bring it to the notice of the Cabinet Division so that whatever assistance we can give we would provide them, Sir.

**Mr. Chairman :** As a matter of fact, the recommendations which they made to the provincial governments, copies of those would be sent to the Cabinet Division which can then coordinate as part of the flood relief cell or whatever it is called.

جناب شاد محمد خان: جناب والا! یہ تو تسلی ہمیں دی گئی ہے کہ جتنی ضرورت پڑے گی صوبائی حکومتوں کو امداد دی جائے گی تو کیوں نہ از راہ کرم پہلے ہی صوبوں کو کچھ گرانٹ دے دیں تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو جائے اور flood measures لے لیئے جائیں۔

جناب چیئرمین: ہم کہتے تو ہیں کہ ملک insolvent ہے لیکن میں آپ کو تسلی دیتا ہوں کہ صوبے کنگال نہیں ہیں ان کے پاس کافی اپنے وسائل ہیں جن سے وہ فوری امداد دے سکتے ہیں۔

So, this brings to conclusion the discussion on the adjournment motion concerning situation arising out of the recent rains and floods.

**Mr. Javed Jabbar :** Point of Order. Sir, how many additional days the House is proposed to be called into session because some indication of the duration of the session would be useful.

**Mr. Chairman :** We have been told that the session would continue till the 21st of August, 1988.

So, the House stands adjourned to meet again on 7th August, 1988, at 5.45 PM as a Private Members' Day. Thank you.

---

*[The House adjourned to meet again at Five Forty Five of the clock in the evening on Sunday, the 7th August, 1988]*.

---

PCPPK—Litho/2183/88-89/Senate—20-5-92—300 Books.